ما في " أحكام القرآن للجصاص " : فهذه الآية والآثار دالة على أنه ينبغي أن يعامل الكفار بالغلظة والجفوة دون الملاطفة والملاينة ، ما لم تكن حال يخاف فيها على تلف نفسه أو تلف بعض أعضائه أو ضررًا كبيرًا يلحقه في نفسه فإنه إذا خاف ذلك جاز له إظهار الملاطفة والموالاة من غير صحة اعتقاد . (۱۲/۲)

ما في " أحكام القرآن للعثماني " : إن المعاملة مع الكفار على ثلاثة انحاء : أحدها=

غیر مسلموں کے ساتھ معاملات

مسئلہ (۲۲): دو قوموں، دو جماعتوں یا دو شخصوں میں تعلقات کے درجات میں سے چوتھا درجہ معاملات کا ہے، یعنی کسی کے ساتھ تجارت، اُجرت، ملازمت اور صنعت وحرفت کے معاملات کرنا، یہ تمام غیر مسلموں کے ساتھ جائز ہے، بشرطیکہ اس سے مسلمانوں کو کوئی نقصان نہ پہنچتا ہو۔ (۱)

= الموالاة أي الموادة . والثاني : إن المداراة أي إظهار حسن الخلق لهم . والثالث : المواساة . والثاني لمصلحة الكافر في دينه إذا رجا هدايته للإسلام بالمداراة . ودليل جواز المداراة لمصلحة دين الكافر قوله تعالى في سورة عبس : ﴿فانت له تصدى﴾ ومحل الإنكار إنما هو تقديم الكافر على المؤمن لا مجرد مداراته والتصدي له . ودليل جوازها لإكرام الضيف ما ورد في وفد بني ثقيف أنه ﷺ أنزلهم المسجد . (۱۵/۲، ۱۶، سورة آل عمران : ۲۸)

ما في " روح المعاني " : وعد قوم من باب التقية مداراة الكفار والفسقة والظلمة وإلانة الكلام لهم والتبسم في وجوههم والانبساط معهم وإعطائهم لكف أذاهم وقطع لسانهم وصيانة العرض منهم ، ولا يعد ذلك من باب الموالاة المنهي عنها بل هي سنة وأمر مشروع. (۱۹۷/۳، سورة آل عمران :۲۸) (بیان القرآن:۱/۲۱۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " أحكام القرآن للعثماني " : ولعلك قد عرفت بذلك كله أن البيع والشراء من الكفار وليس ما نسجوه من الثياب ليس من الموالاة المنهي عنها في شيء إلا ما نص عليه الفقهاء من بيع السلاح والكراع لهم ، لما فيه من النصرة والمعونة على قتال المسلمين . نعم ، لو رأى أمير المؤمنين مصلحة في منعهم من شراء أموال الحرب مطلقا ، ومن بيعهم لهم شيئًا منها فله ذلك وعليهم إطاعته . (۱۱/۲، سورة آل عمران :۲۸)

ما في " أحكام القرآن للترمذي " : وليس البيع والشراء من الكفار من الموالاة في شيء إلا ما نص عليه الفقهاء من بيع السلاح والكراع لهم لما فيه من النصرة والمعونة على قتال المسلمين . (الجزء الثاني من الحزب الثاني : ص/۱۸۸، سورة المائدة : ۵۱) (معارف القرآن:۲/۵۱)

شبِ معراج کی تعیین اور اس میں عبادت کا اہتمام

مسئلہ (۲۳): معراج کے سلسلے میں قرآن وحدیث میں صرف اتنا ثابت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم معراج میں تشریف لے گئے ہیں، لیکن کس مہینے کی کس شب میں تشریف لے گئے، متعین طور پر ثابت نہیں ہے، بعض روایات میں ربیع الاول، بعض روایات میں ربیع الثانی، بعض روایات میں رجب، بعض روایات میں رمضان اور بعض روایات میں شوال کا ذکر ہے، اس لیے اپنی طرف سے متعین کر کے کسی رات کو شبِ معراج قرار دینا، پھر اس رات میں عبادت کا اہتمام کرنا، اور لوگوں کو ترغیب دینا یہ دینِ اسلام میں ایک چیز کا اضافہ کرنا ہے، جو حدیث شریف: ''من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو ردّ ''۔ ''جو شخص ہمارے دین میں کسی نئی چیز کو ایجاد کرے، وہ مردود ہے'' کے تحت داخل ہو کر بدعت اور ناجائز ہوگا، لہٰذا اس کا ترک مسلمانوں پر لازم ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۱/۳۷۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا – الخ ، رقم : ۲۶۹۷ ، صحيح مسلم : ۲/۷۷ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود : ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم : ۴۶۲۲ ، سنن ابن ماجة :ص/۱۳ ، مشكوة : ص/۲۷ ، كتاب الإيمان ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .

(۱۳/۳۳ ، رقم : ۴۶۲۲)

ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ=

شبِ قدر کا ثبوت اور اس میں عبادت

مسئلہ (۲۴): شبِ قدر کی بات نصوصِ صریحہ سے ثابت ہے کہ اس رات میں عبادت کی جائے[۱]، اسی شبِ قدر کی تلاش میں رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں اعتکاف کیا جاتا ہے[۲]، اس لیے طاق راتوں میں نفل نماز، ذکر واَذکار، مناجات اور تلاوت وغیرہ میں لگے رہیں، اور دن میں روزہ بھی رکھے، اس لیے کہ وہ فرض ہے[۳]، ہاں! مگر اِن راتوں میں نفل نماز جماعت کے ساتھ پڑھنا مشروع نہیں ہے۔[۴]

=من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيماً .
(۲۵۶/۲ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

(کتاب النوازل:۳۳۳،۳۳۴،شبِ برأت وشبِ معراج اور شبِ قدر میں عبادت کرنا اور دن میں روزہ رکھنا)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿انا انزلنا في ليلة القدر O وما ادرک ما ليلة القدر O ليلة القدر خير من الف شهر O﴾ . (سورة القدر : ۱ ، ۲ ، ۳)

(۲) ما في " صحيح مسلم " : عن عائشة – رضي الله عنها – قالت : " كان رسول الله ﷺ إذا دخل العشر أحيا الليل وأيقظ أهله وجدّ وشدّ المئزر " .

(۱۷۵/۳ ، رقم : ۲۸۴۴ ، كتاب الاعتكاف ، باب الاجتهاد في العشر الأواخر من شهر رمضان ، ط : دار الجيل ودار الآفاق الجديدة بيروت)

ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : الاعتكاف على ثلاثة أقسام : واجب في=

.....

.....

= المنذور تنجيزاً أو تعليقاً ، وسنة كفاية مؤكدة في العشر الأخير من رمضان ، والقسم الثالث مستحب فيما سواه . (ص/۷۰۰ ، ۷۰۱)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : الاعتكاف وهو ثلاثة أقسام : واجب بالنذر ، وسنة مؤكدة في العشر الأخير من رمضان أي سنة كفاية ..... مستحب في غيره في الأزمنة هو بمعنى غير المؤكدة . (۳۸۳/۳)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يا ايها الذين امنوا كتب عليكم الصيام كما كتب على الذين من قبلكم لعلكم تتقونO﴾ . (سورة البقرة : ۱۸۳) . وقوله تعالى : ﴿شهر رمضان الذي انزل فيه القرآن هدى للناس وبينٰت من الهدى والفرقان فمن شهد منكم الشهر فليصمه﴾ . (سورة البقرة : ۱۸۵)

(۴) ما في " مراقي الفلاح " : والجماعة في النفل في غير التراويح مكروهة فالاحتياط تركها في الوتر خارج رمضان ، وعن شمس الأئمة أن هذا فيما كان على سبيل التداعي ، أما لو اقتدى واحد بواحد ، أو اثنان بواحد لا يكره ، وإذ اقتدى ثلاثة بواحد اختلف فيه ، وإن اقتدى أربعة بواحد كره اتفاقًا . (ص/۱۴۵ ، باب الوتر وأحكامه)

(خلاصة الفتاوى : ۱۵۳/۱ ، كتاب الصلاة ، الفصل الخامس عشر في الإمامة والاقتداء)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : يكره ذلك لو على سبيل التداعي بأن يقتدى أربعة بواحد ، كما في الدرر . در . وفي الشامية : قوله : (على سبيل التداعي) أما اقتدى واحد بواحد أو اثنين بواحد فلا يكره ، وثلاثة فيه خلاف . بحر عن الكافي .

(۵۰۰/۲ ، باب الوتر والنفل)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : أما لو اقتدى واحد بواحد أو اثنان بواحد لا يكره ، وإذا اقتدى ثلاثة بواحد ذكر هو رحمه الله أن فيه اختلاف المشايخ ، قال بعضهم يكره ، وقال بعضهم لا يكره ، وإذا اقتدى أربع بواحد كره بلا خلاف .

(۴۲۲/۱ ، كتاب صلاة التراويح ، نوع آخر في المتفرقات)

(کتاب النوازل:۳۳۳،شبِ برأت وشبِ معراج اور شبِ قدر میں عبادت کرنا اور دن میں روزہ رکھنا)

شبِ برأت کا ثبوت اور اس میں عبادت

مسئلہ (۲۵): شبِ برأت یعنی شعبان کی پندرہویں شب میں عبادت کرنا بعض روایات سے ثابت ہے، اگرچہ وہ روایات اُونچے درجے کی نہیں ہیں، لیکن فضائل کے باب میں ان پر عمل کی گنجائش ہے، مگر اس بات کا لحاظ رکھا جائے کہ اس رات میں نفل نماز جماعت کے ساتھ نہ پڑھی جائے[۱]، البتہ دن میں روزہ رکھنا کسی صحیح حدیث شریف سے ثابت نہیں ہے۔ ابن ماجہ شریف میں ایک روایت ہے[۲]، وہ روایت عبدالرحمٰن بن ابی سبرہ کی وجہ سے موضوع کے درجے میں ہے، اس لیے اسی دن روزہ رکھنے کا استحباب ثابت نہیں ہوسکتا، البتہ اگر کسی شخص کی یہ عادت ہو کہ وہ ایامِ بیض یعنی اسلامی مہینہ کی ہر ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ کو روزہ رکھتا ہے، جو سنت ہے، تو اس کے لیے روزہ رکھنا منع نہیں ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مراقي الفلاح " : والجماعة في النفل في غير التراويح مكروهة فالاحتياط تركها في الوتر خارج رمضان ، وعن شمس الأئمة أن هذا فيما كان على سبيل التداعي ، أما لو اقتدى واحد بواحد ، أو اثنان بواحد لا يكره ، وإذ اقتدى ثلاثة بواحد اختلف فيه ، وإن اقتدى أربعة بواحد كره اتفاقًا . (ص/۱۴۵ ، باب الوتر وأحكامه)

(خلاصة الفتاوى : ۱/۱۵۳ ، كتاب الصلاة ، الفصل الخامس عشر في الإمامة والاقتداء)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : يكره ذلك لو على سبيل التداعي بأن يقتدى أربعة بواحد ، كما في الدرر . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (على سبيل التداعي) أما اقتدى واحد بواحد أو اثنين بواحد فلا يكره ، وثلاثة فيه خلاف . بحر عن الكافي . =

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=(۲/۵۰۰، باب الوتر والنفل)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : أما لو اقتدى واحد بواحد أو اثنان بواحد لا يكره ، وإذا اقتدى ثلاثة بواحد ذكر هو رحمه الله أن فيه اختلاف المشايخ ، قال بعضهم يكره ، وقال بعضهم لا يكره ، وإذا اقتدى أربع بواحد كره بلا خلاف .

(۱/۴۲۲ ، كتاب صلاة التراويح ، نوع آخر في المتفرقات)

(۲) ما في " سنن ابن ماجة " : عن علي بن أبي طالب – رضي الله عنه – قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا كانت ليلة النصف من شعبان فقوموا ليلها وصوموا نهارها " .

(ص/۹۹ ، كتاب إقامة الصلاة ، باب ما جاء في ليلة النصف من شعبان ، رقم : ۱۳۸۸ ، و : ۲/۳۹۹ ، ط : مكتبة أبي المعاطي)

(۳) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة – رضي الله عنه – قال : أوصاني خليلي ﷺ بثلاث صيام ثلاثة أيام من كل شهر وركعتي الضحى ، وأن أوتر قبل أن أنام " .

(۳/۵۳ ، رقم : ۱۹۸۱ ، باب صيام أيام البيض ثلاث عشرة وأربع عشرة وخمس عشرة ، ط : دار الشعب القاهرة)

ما في " سنن النسائي " : عن أبي ذر قال : " أمرنا رسول الله ﷺ أن نصوم من الشهر ثلاثة أيام البيض ؛ ثلاث عشرة وأربع عشرة وخمس عشرة " .

(۴/۲۲۲ ، رقم : ۲۴۲۲ ، ذكر الاختلاف على موسى بن طلحة في الخبر في صيام ثلاثة أيام من الشهر ، ط : مكتب المطبوعات الإسلامية – حلب)

(کتاب النوازل:۳۳۳،شبِ برأت وشبِ معراج اور شبِ قدر میں عبادت کرنا اور دن میں روزہ رکھنا)

کتاب الطهارة

پاکی کے احکام ومسائل

صوفی کیڑے کا پانی بدن یا کپڑے پر لگ جائے

مسئلہ (۲۶): موسمِ باراں میں ایک خاص قسم کا کیڑا، جس کا پانی انسانی جسم پر لگ جانے سے پھوڑا آجاتا ہے، اور اس میں پانی بھر جاتا ہے، اس کیڑے کو بعض لوگ ''صوفی کیڑا'' کہتے ہیں، صوفی کیڑے کا پانی لگنے کی وجہ سے جو پھوڑا جسم پر آجاتا ہے، اگر اس کو پھوڑ دیا جائے، اور اس سے پانی نکال دیا جائے، تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا، البتہ جسم کے جس حصے پر وہ پانی لگ جائے، اس کا دھونا ضروری ہوگا، اور اگر اس پھوڑے کو پھوڑا نہیں گیا، بلکہ وہ خود بخود پھوٹ گیا، اور اس سے نکلنے والا پانی جسم کے ایسے حصہ کی طرف بہہ گیا، جس کا وضو یا غسل میں دھونا ضروری ہے، تو اس سے وضو ٹوٹ جائے گا، اور جس حصہ پر وہ پانی لگ جائے، اس کا دھونا بھی ضروری ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : وأما الخارج من غير السبيلين فناقض بشرط أن يصل إلى موضع يلحقه حكم التطهير ، كذا قالوا ، ومرادهم أن يتجاوز إلى موضع تجب طهارته " .

(۱/ ۶۲ ، كتاب الطهارة ، هدايه : ۱/ ۸ ، كتاب الطهارة)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإن قشرت نفطة وسال منها ماءٌ أو صديدٌ أو غيره ، إن سال عن رأس الجرح نقض ، وإن لم يسل لا ينقض ، هذا إذا قشرها بنفسه ، وأما إذا عصرها=

عورتوں کے لیے مسواک کا حکم

مسئلہ (۲۷): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ مسواک صرف مردوں کے لیے مسنون ہے، عورتوں کے لیے نہیں، اُن کا یہ خیال درست نہیں، صحیح بات یہ ہے کہ مسواک جیسے مردوں کے لیے مسنون ہے، ایسے ہی عورتوں کے لیے بھی مسنون ہے۔ ''سنن ابوداؤد'' میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے لکڑی کی مسواک کرنا ثابت ہے[1]، نیز ''المطالب العالیہ'' میں حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ''صحابۂ کرام اپنی مسواکوں کو تلوار کی مُوٹھ کے ساتھ باندھ کر رکھتے تھے، اور عورتیں اپنی اوڑھنیوں میں باندھ کر رکھا کرتی تھیں''[2]۔ اِن دونوں حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے کہ صحابیہ عورتیں بھی مسواک کیا کرتی تھیں۔

= فخرج بعصره لا ينقض لأنه مخرج وليس بخارج . كذا في الهداية .

(۱/۱۱ ، كتاب الطهارة ، الفصل الخامس في نواقض الوضوء ، كذا في تبيين الحقائق : ۱/۴۹ ، كتاب الطهارة) (نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا: ۳/۳۵۵، گرمی دانہ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : " كان النبي ﷺ يستاك فيعطيني السواك لأغسله فأبدأ به فاستاك ثم أغسله وأدفعه إليه " . الحديث .

(ص/۸ ، رقم : ۵۲ ، ط : قديمي)

(۲) ما في " المطالب العالية " : واثلة بن الأسقع قال : " كان أصحاب رسول الله ﷺ يوثقون مساويكهم في ذوائب سيوفهم ، والنساء في خمرهن " .

(۱/۲۳ ، رقم : ۶۹ ، باب السواك)

(مستفاد از: امداد الفتاویٰ جدید مطول حاشیہ: ۱/۲۰۱)

ڈیجیٹل قرآنِ کریم کی اسکرین کو بغیر وضو کے چھونا

مسئلہ (۲۸): ڈیجیٹل قرآنِ کریم جس وقت کھول کر چلایا جارہا ہو، اور اس کی اسکرین پر قرآنی آیات نمایاں ہوں، تو اس کا حکم مطبوعہ قرآن پاک کے مانند ہے، لہٰذا اس حالت میں اس کو بلا وضو ہاتھ لگانا اور اسکرین پر انگلی پھیر کر اوراق پلٹنا جائز نہ ہوگا؛ البتہ کسی مخصوص قلم یا اسی مقصد سے بنائی گئی تیلی وغیرہ کے اشارہ سے اوراق پلٹتے ہوئے موبائل کو چھوئے بغیر اس میں قرآن پڑھا جائے، تو اس کی گنجائش ہوگی، نیز جب آلہ کو اس طرح بند کردیا جائے کہ قرآنی حروف اسکرین پر نظر نہ آئیں، بلکہ صرف آواز آتی رہے، تو اس کا حکم ٹیپ ریکارڈ کی طرح ہوگا، اور اسے بلا وضو چھونے اور اس سے قرآن سننے کی اجازت ہوگی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : ويحرم به أي بالأكبر والأصغر مس مصحف : أي ما فيه آية كدرهم وجدار إلا بغلاف متجاف غير مشرز أو بصُرة . به يفتى . وحل قلبه بعود . تنوير وشرحه . وفي الشامية : قوله : (أي ما فيه آية الخ) أي المراد مطلق ما كتب فيه قرآن مجازًا ، لكن لا يحرم في غير المصحف إلا بالمكتوب.

(۱/۳۱۵ ، كتاب الطهارة ، مطلب يطلق الدعاء على ما يشمل الثناء)

ما في " بدائع الصنائع " : قال ﷺ : " لا صلاة إلا بوضوء " . ولا مسّ المصحف من غير غلاف عندنا ..... ولا مس الدراهم التي عليها القرآن ، لأنه حرمة المصحف كحرمة ما كتب منه فيستوى فيه الكتابة في المصحف وعلى الدراهم .

(۱/۱۴۰ ، ۱۴۱ ، كتاب الطهارة ، مطلب مسّ المصحف ، الفتاوى الهندية : ۱/۳۹)

(مراقي الفلاح :ص/۳۴ ، كتاب الطهارة)=

اسٹامپ پیڈ کی سیاہی ناپاک نہیں

مسئلہ (۲۹): اسٹامپ پیڈ میں بھری جانے والی سیاہی نجس (ناپاک) نہیں ہوتی، اس لیے اگر کسی شخص کے کپڑے یا بدن پر وہ گر جائے، تو کپڑے یا بدن کا وہ حصہ ناپاک نہیں ہوگا[1]، مگر چوں کہ صفائی وستھرائی شریعت میں مطلوب ہے، اس لیے اس کو دھولینا چاہیے۔[2]

=ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويمنع مسه إلا بغلافه المنفصل أي كالجراب والخريطة دون المتصل كالجلد المشرز هو الصحيح وعليه الفتوى ؛ لأن الجلد تبع له . (در مختار) وفي الشامية : ومسه أي القرآن ولو في لوح أو درهم أو حائط ... بخلاف المصحف فلا يجوز مس الجلد وموضع البياض منه ، والمنع أقرب إلى التعظيم كما في البحر أي والصحيح المنع . (۱/۴۸۸ ، ط : زكريا ، و: ۱/۴۲۳ ، باب الحيض ، ط : دار الكتاب ديوبند) (کتاب النوازل:۳/۱۰۶، ۱۰۷، ڈیجیٹل قرآنِ کریم کی اسکرین کو بغیر وضو کے چھونا)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : قسم الحنفية الأعيان النجسة إلى نوعين : النجاسة المغلظة والنجاسة المخففة ، وقالوا : كل ما يخرج من بدن الإنسان مما يوجب خروجه الوضوء أو الغسل فهو مغلظ ... والخمر والدم المسفوح ولحم الميتة وبول ما يؤكل والروث وإخثاء البقر والعذرة ونجو الكلب وخرء الدجاج والبط والأوز وخراء السباع والسنور والفار وخراء الحية وبولها وخراء العلق ودم الحلمة والوزغة إذا كان سائلا ، فهذه الأعيان كلها نجسة نجاسة غليظة . وعدوا من النجاسات المخففة : بول ما يؤكل لحمه والفرس وخراء طير لا يؤكل . (۴۰/۷۴ ، نجاسة ، ما يعتبر نجسا وما لا يعتبر)

ما في " معجم المصطلحات والألفاظ الفقهية " : النجاسة : صفة حكمية توجب لموصوفها منع استباحة الصلاة ونحوها ، وهي بهذا المعنى أعم من البراز مكنيًا إذا اشتمله وغيره من الأنجاس كالدم والبول والمذي والودي والخمر وغير ذلك من الأنجاس=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= الأخرى . (٣/٣٩٩ ، النجاسة)

(الفقه الإسلامي وأدلته : ١/٣٠١ ، النجاسة ، المبحث الأول)

(٢) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ان الله يحب التوابين ويحب المتطهرين﴾ .

(سورة البقرة : ٢٢٢)

ما في " صحيح مسلم " : عن مالك الأشعري قال : " الطهور شطر الإيمان " .

(١/١١٨ ، كتاب الطهارة ، باب فضل الوضوء)

(جمع الجوامع : ٥/١٣٢ ، رقم : ١٤٠٠٤)

ما في " جامع الترمذي " : عن صالح بن أبي حسان قال : سمعت سعيد بن المسيب يقول: " إن الله طيب يحب الطيب ، نظيف يحب النظافة ، كريم يحب الكرم ، جواد يحب الجود ، فنظفوا " . (٢/١٠٧ ، كتاب الأدب ، باب ما جاء في النظافة)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۵۹۰۵۸)

کتاب الصلوۃ/نماز کے احکام ومسائل

باب الأذان

حاضرینِ مسجد پر اذان کا جواب

مسئلہ(۳۰): اذان واقامت کا جواب مستحب ہے، بعض علمائے کرام جوابِ اذان کو واجب کہتے ہیں، مگر زیادہ معتمد قول یہی ہے کہ اجابتِ فعلی یعنی اذان سن کر مسجد کی طرف جانا واجب ہے، اور اجابتِ قولی یعنی اذان سن کر زبان سے اس کا جواب دینا مستحب ہے، حاضرینِ مسجد کے لیے ایک ہی صورت ہے کہ زبان سے جواب دیں اور یہ مستحب ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ويجيب) وجوبًا ، وقال الحلواني : ندبا .... (من سمع الأذان) . (در مختار) . وفي الشامية : أي قال الحلواني : إن الإجابة باللسان مندوبة والواجبة هي الإجابة بالقدم . (۱/۳۶۷ ، كتاب الصلاة ، باب الأذان ، قبيل مطلب في كراهة تكرار الجماعة في المسجد)

ما في " المحيط البرهاني " : قال شمس الأئمة الحلواني : تكلم الناس في الإجابة قال بعضهم : هي الإجابة بالقدم لا باللسان حتى لو أجاب باللسان ولم يمش إلى المسجد لا يكون مجيبا ولو كان حاضرًا في المسجد حين سمع الأذان فليس عليه الإجابة وقوله عليه السلام : " من قال مثل ما يقول المؤذن فله من الأجر كذا " فهو كذلك إن قاله نال الثواب الموعود ، وإن لم يقل لم ينل الثواب الموعود ، فأما أن يأثم أو يكره له ذلك ، فلا ، وإذا رد الجواب باللسان لنيل الثواب الموعود ، فكل ما هو ثناء وشهادة يقول كما يقول المؤذن وعند قوله : " حي على الصلاة " يقول : لا حول ولا قوة إلا بالله " ما شاء الله كان " .=

مفسدات الصلوة ومكروهاتها

نماز کو فاسد اور مکروہ کرنے والی چیزیں

صف میں بیٹھے بیٹھے سونا

مسئلہ (۳۱): بعض حضرات وضو کر کے مسجد کی صف میں، نماز کے انتظار میں بیٹھے بیٹھے اُونگھتے ہیں، یا سو جاتے ہیں، تو اگر محض اُونگھ آئی اور زمین پر گرے نہیں، تو اُن کا وضو نہیں ٹوٹا، اور اگر سوتے ہوئے زمین پر گر پڑیں، اور کچھ لمحہ بعد بیدار ہوں، تو اُن کا وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۱)

=(۱/۳۵۰، ۳۵۱، الفصل السادس عشر في التغني والإلحان)

(فتاویٰ علمائے ہند:۶/۱۵۵، اذان کا جواب حاضرینِ مسجد پر واجب نہیں، اس کی کیا وجہ؟ نیز: مسجد کے اندر رہتے ہوئے جواب دینا ضروری نہیں) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند:۲/۱۰۶، فتاویٰ رحیمیہ:۱/۱۳۵، امداد الاحکام:۲/۴۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن ابن عباس رضي الله عنهما قال : قال رسول الله ﷺ : " لا يجب الوضوء على من نام جالسًا أو قائمًا أو ساجدًا حتى يضع جنبه ، فإنه إذا وضع جنبه استرخت مفاصله " . (۱/۱۹۴ ، رقم : ۵۹۸ ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

وفيه أيضًا : عن أبي هريرة رضي الله عنه يقول : " ليس على المحتبي والنائم ولا على القائم النائم ولا على الساجد النائم وضوء ، حتى يضطجع ، فإن اضطجع توضأ " .

(۱/۱۹۸ ، رقم : ۶۰۳ ، كتاب الطهارة ، باب ما ورد في نوم الساجد ، إعلاء السنن : ۱/۱۳۰ ، باب وجوب الوضوء على من نام مسترخيا مفاصله ، رقم : ۱۰۸)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإن نام جالسًا وهو يتمايل وربما تزول مقعدته عن الأرض . قال شمس الأئمة الحلواني : ظاهر المذهب أنه لا يكون حدثا . كذا في فتاوى قاضي =

زمین پر ہاتھ ٹیک کر قیام میں جانا

مسئلہ (۳۲): بعض لوگ نماز میں جب قعدہ یا سجدہ سے قیام میں جاتے ہیں، تو بغیر کسی عذر کے، اپنے دونوں ہاتھ زمین پر ٹیک کر کھڑے ہوتے ہیں، اُن کا یہ عمل مکروہِ تنزیہی ہے، جس کا ترک اَولیٰ ہے۔ اور اگر کسی عذر کی وجہ سے ہاتھ زمین پر ٹیک کر قیام میں جاتے ہیں، تو پھر مکروہ بھی نہ ہوگا۔ (۱)

=خان . (۱/۱۲، رد المحتار : ۱/۲۷۰، ط : زكريا، و: ۱/۲۴۳، ط : بيروت، و: ۲/ ۲۴۳، ط : دار الكتاب ديوبند)

ما في " المبسوط " : وأما إذا نام مضطجعا أو متكئا فإن ذلك ينقض الوضوء . (۱/۵۸)

ما في " الفتاوى التاتار خانية " : وإن نام قاعدا وهو يتمايل في حال نومه ويضطرب وربما يزول مقعده عن الأرض إلا أنه لم يسقط ظاهر المذهب أنه ليس بحدث .

(۱/۲۵۲، مسئله : ۲۳۸، ط : زكريا)

(کتاب النوازل: ۳/۱۲۰، صف میں بیٹھے ہوئے سونا)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " حلبي كبير " : (فإذا فرغ من السجدة) الثانية (ينهض) قائما على صدور قدميه (ولا يقعد ولا يعتمد بيديه على الأرض) عند النهوض (إلا من عذر) بل يعتمد على ركبتيه . اهـ . (ص/۳۲۳، ط : سهيل اكيڈمی لاهور)

ما في " تبيين الحقائق " : قال رحمه الله : (وكبر للنهوض بلا اعتماد وقعود) أي كبر للنهوض ، ونهض بلا اعتماد وقعود ..... ولنا ما رواه أبو هريرة " أنه عليه الصلاة والسلام كان ينهض على صدور قدميه " رواه الترمذي والبيهقي . وعن ابن عمر : " نهى عليه الصلاة والسلام أن يعتمد الرجل على يديه إذا نهض في الصلاة " رواه أبو داود . وفي حديث وائل أنه عليه الصلاة والسلام : " إذا نهض اعتمد على فخذيه " .

(۱/۳۰۸، باب صفة الصلاة، ط : دار الكتب العلمية بيروت)=

امام پانچویں رکعت کے لیے کھڑا ہوگیا تو مسبوق کیا کرے؟

مسئلہ (۳۳): اگر کوئی شخص نماز باجماعت میں امام کے ساتھ دوسری، تیسری، یا چوتھی رکعت میں آکر شامل ہوا، اور امام کو اتفاقاً چار رکعت پوری ہونے کے بعد سہو ہوگیا، اور وہ پانچویں رکعت کے لیے کھڑا ہوگیا، مقتدیوں کو بھی یاد نہ آیا، کسی نے لقمہ نہ دیا اور سب کھڑے ہوگئے، تو اگر امام چوتھی رکعت پر قعدہ کرکے کھڑا ہوا ہے، تو مسبوق انتظار کرے، اگر امام لوٹ آوے، تو اس کے ساتھ سلام تک رہے، ورنہ اپنی نماز پوری کرلے، اور اگر امام نے چوتھی رکعت پر قعدہ نہیں کیا، تب بھی انتظار کرے، اگر وہ پانچویں رکعت کے سجدہ سے قبل لوٹ آوے، تو سلام تک اُس کے ساتھ رہے، اور اگر نہ لوٹے، تو پھر سب کی نماز باطل ہوجائے گی۔ (۱)

=ما في " رد المحتار " : قال في الكفاية : أشار إلى خلاف الشافعي في موضعين ، أحدهما : يعتمد بيديه على ركبتيه عندنا ، وعنده على الأرض . والثاني : الجلسة الخفيفة . قال الشمس الأئمة الحلوائي : الخلاف في الأفضل ..... ولا شبه أنه سنة أو مستحب عند عدم العذر ، فيكره فعله تنزيهًا لمن ليس به عذر . اهـ .

(۱/۵۰۶ ، كتاب الصلاة ، مطلب في إطالة الركوع للجائي ، ط : دار الفكر بيروت)

(معین الفتاویٰ: ص/۱۶۶، باب صفۃ الصلوۃ، قیام وقعود میں جانے کے لیے زمین پر ہاتھ ٹیکنا)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وإن قعد في الرابعة مثلا قدر التشهد ، ثم قام عاد وسلم ، ولو سلم قائمًا صح ، ثم الأصح أن القوم ينتظرونه ، فإن عاد تبعوه ، وإن سجد للخامسة سلموا ؛ لأنه تم فرضه إذ لم يبق عليه إلا السلام . اهـ .

(۲/۵۵۳ ، كتاب الصلاة ، باب سجود السهو ، ط : مكتبه زكريا ديوبند)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=وفيه أيضًا : ولو قام إمامه لخامسة فتابعه إن بعد القعود تفسد ، وإلا لا ، حتى يقيد بالخامسة بسجدة . (در مختار) . وفي الشامية : تفسد أي صلاة المسبوق ؛ لأنه اقتداء في موضع الانفراد ، ولأن اقتداء المسبوق بغيره مفسد كما مر . وقوله : وإلا أي وإن لم يقعد وتابعه المسبوق لا تفسد صلاته ؛ لأن ما قام إليه الإمام على شرف الرفض ولعدم تمام الصلاة . اهـ . (۲/۳۵۰ ، كتاب الصلاة ، قبيل باب الاستخلاف ، ط : زكريا ديوبند ، و : ۱/۵۹۹ ، ط : كراچي)

ما في " البحر الرائق " : وإن قعد في الرابعة ، ثم قام عاد وسلم ..... ثم قيل : القوم يتبعونه ، فإن عاد عادوا معه ، وإن مضى في النافلة اتبعوه ؛ لأن صلاتهم تمت بالقعدة ، والصحيح أنهم لا يتبعونه ، لأنه لا اتباع في البدعة ، فإن عاد قبل تقييد الخامسة بالسجدة اتبعوه بالسلام ، فإن قيد سلموا في الحال . (وإن سجد للخامسة تم فرضه وضم إليها سادسة) أي لم تفسد فرضه بسجوده كما فسد فيما إذا لم يقعد هذا هو المراد بالتمام ، وإلا فصلاته ناقصة كماسيأتي ، وإنما لم يفسد ؛ لأن الباقي أصابه لفظ السلام ، وهي واجبة .

(۲/۱۸۴ ، كتاب الصلاة ، باب سجود السهو ، ط : زكريا ديوبند ، و : ۲/۱۰۴ ، ط : رشيديه كوئٹه) (مستفاد از: امداد الفتاویٰ جدید مطول حاشیہ:۲/۱۳۹،۱۴۰،امام بھول کر پانچویں رکعت کے لیے کھڑا ہوجائے تو مقتدی کیا کرے؟)

نماز میں عملِ کثیر کے ساتھ موبائل بند کرنا

مسئلہ (۳۴): اگر کسی امام یا مقتدی کے موبائل کی گھنٹی نماز کی حالت میں بجنا شروع ہوگئی، اور اس نے قیام میں ایک مرتبہ بند کیا، پھر رکوع میں ایک مرتبہ بند کیا، پھر قومہ میں ایک مرتبہ بند کیا، پھر سجدہ میں ایک مرتبہ بند کیا، اور ہر بار ایک ہاتھ سے بند کیا، اور ایک رکن میں تین مرتبہ لگاتار بند کرنا نہیں پایا گیا، تو نماز کراہت کے ساتھ صحیح ہوگی، کیوں کہ یہ عملِ قلیل کے درجے میں ہے[۱]، لیکن اگر دونوں ہاتھ سے بند کرنا، یا ایک رکن میں تین مرتبہ لگاتار بند کرنا پایا گیا، تو نماز فاسد ہوگی، کیوں کہ یہ عملِ کثیر کے درجے میں ہے، اور عملِ کثیر نماز کو فاسد کردیتا ہے[۲]، اس لیے بہتر ہے کہ نماز شروع کرنے سے پہلے پورے دھیان وفکر کے ساتھ موبائل کی سوئچ بند کردیں۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " نور الإيضاح " : يكره للمصلي .... العمل القليل . (ص/ ۹۰ ، كتاب الصلاة)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : (الأول) أن ما يقام باليدين عادة كثيرٌ ، وإن فعله بيد واحدة كالتعمم ولبس القميص وشدّ السراويل ، والرمي عن القوس ، وما يقام بيد واحدة قليلٌ ، وإن فعل بيدين كنزع القميص وحلّ السراويل ، ولبس القلنسوة ونزعها ، ونزع اللجام . هكذا في التبيين . (۱/ ۱۰۱ – ۱۰۲ ، كتاب الصلاة ، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، تبيين الحقائق : ۱/ ۴۱۲ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة)

ما في " رد المحتار " : (و) يفسدها (كل عمل كثير) ليس من أعمالها ولا لإصلاحها ، وفيه أقوال خمسة : أصحها (ما لا يشكّ) بسببه (الناظر) من بعيد (في فاعله أنه ليس=

.....

.....

.....

.....

= فيها) . التنوير وشرحه . وفي الشامية : قال الشامي رحمه الله : القول الثاني : أن ما يعمل عادة باليدين كثيرٌ، وإن عمل بواحدة كالتعمّم وشدّ السراويل ، وما عمل بواحدة قليلٌ، وإن عمل بها كحلّ السراويل ولبس القلنسوة ونزعها إلا إذا تكرّر ثلاثاً متواليةً . اهـ .

(۳۳۲/۲ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره ، مطلب في التشبه بأهل الكتاب ، شرح الوقاية :ص/۱۶۵ ، مفسدات الصلاة)

ما في " البحر الرائق " : إذا رآه على هذا العمل وتيقن أنه ليس في الصلاة فهو عمل كثير ، وإن شك فهو قليل ، ثانيها أن ما يقام باليدين عادة كثير ، وإن فعله بيد واحدة كالتعمم ولبس القميص ، وشد السراويل، والرمي عن القوس ، وما يقام بيد واحدة قليلٌ ، ولو فعله باليدين كنزع القميص، وحلّ السراويل ، ولبس القلنسوة ونزعها ، ونزع اللجام ، وما أشبه ذلك . (۲۰/۲ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، ط : دار الكتاب)

(۳) ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : (يكره للمصلي سبعة وسبعون شيئًا) ..... (كعبثه بثوبه وبدنه) لأنه ينافي الخشوع الذي هو روح الصلاة ، فكان مكروهاً ، لقوله تعالى : ﴿قد أفلح المؤمنون الذين هم في صلوتهم خاشعون﴾ قوله ﷺ : "إن الله تعالى كره لكم العبث في الصلاة ، والرفث في الصيام، والضحك عند المقابر " . ورأى عليه الصلاة والسلام رجلا بعث بلحيته في الصلاة فقال : لو خشع قلبه لخشعت جوارحه ، والعبث عمل لا فائدة فيه ، ولا حكمة تقتضيه ، والمراد بالعبث هنا فعل ما ليس من أفعال الصلاة ، لأنه ينافيها . " مراقي " . وفي الطحطاوي : قوله : (لأنه ينافي الخشوع الخ) الخشوع حضور القلب ، وتسكين الجوارح والمحافظة على الأركان . " قهستاني " .

(ص/۳۴۵ ، كتاب الصلاة ، فصل في المكروهات)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۳۱) (المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ:۵/ ۱۱۱، مسئلہ نمبر:۶۶)

مساجد میں ایمپلی فائر اور اسپیکر کی بلند آواز

مسئلہ (۳۵): مساجد میں ایمپلی فائر اور اسپیکر کا استعمال جس میں آواز کا پھیلاؤ ضرورت سے زائد ہو، مکروہ ہے، کیوں کہ ضرورت سے زیادہ آواز بلند کرنے کو فقہائے کرام نے مکروہ قرار دیا ہے، جس قدر آواز کی ضرورت ہو اسی کی حد میں رہتے ہوئے مائک کا استعمال کرنا چاہیے، اور یوں تو بلا ضرورت نماز میں مائک کا استعمال ہی پسندیدہ نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قوله : (ورفع صوت بذكر الخ) ..... وفي حاشية الحموي عن الإمام الشعراني : أجمع العلماء سلفًا وخلفًا على استحباب ذكر الجماعة في المساجد وغيرها إلا أن يشوّش جهرهم على نائم أو مصلّ أو قارئ الخ .

(۲/۴۳۴ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في رفع الصوت بالذكر ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : ص/۳۱۸ ، كتاب الصلاة ، فصل في صفة الأذكار ، ط : مكتبة شيخ الهند ، الموسوعة الفقهية : ۳۷/۲۰۷ ، مسجد ، رفع الصوت في المسجد والجهر فيه ، الفتاوى الحديثية : ص/۱۰۸ ، مطلب في الجهر بالأوراد عقب الصلاة سنة الخ ، ط : دار احياء التراث العربي بيروت)

ما في " نور الإيضاح " : وما يشغل البال ويخل بالخشوع .

(ص/۹۰ ، فصل يكره للمصلي سبعة وسبعون شيئًا ، ط : ياسر نديم اينڈ كمپنى ديوبند)

ما في " بيان القرآن " : ''اور (بولنے میں) اپنی آواز کو پست کر (یعنی بہت غل مت مچا اور یہ مطلب نہیں کہ اتنی پست کر کہ دوسرا سنے بھی نہیں، آگے غل مچانے سے نفرت دلاتے ہیں کہ) بے شک آوازوں میں سب سے بری آواز گدھوں کی آواز (ہوتی) ہے، تو آدمی ہو کر گدھوں کی طرح چیخنا چلانا کیا مناسب ہے؟ نیز چیخ وچلاؤ سے بعض اوقات دوسروں کو وحشت واذیت بھی ہوتی ہے۔'' (۳/۱۴۵، سورۂ لقمان: ۱۹، ط: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ ملتان، معارف القرآن: ۷/۴۰، ط: فرید بک ڈپو دہلی) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۵۶۸۰۴)

ہسپتال کے مخصوص کپڑوں میں نماز

مسئلہ (۳۶): اگر ہسپتال کے ملازم کے کپڑے پاک ہیں، تو ان میں نماز پڑھنا جائز ہے، اور اگر ہسپتال کے ملازم کے کپڑے زخمیوں کے خون یا پیپ لگنے سے ناپاک ہوگئے ہیں، تو ان کپڑوں میں نماز پڑھنا جائز نہیں ہوگا، بلکہ ان کپڑوں کو تبدیل کرکے دوسرے پاک کپڑے پہن کر نماز پڑھنا ضروری ہوگا، البتہ اگر دوسرے پاک کپڑے میسر ہی نہیں، تو اس صورت میں مجبوراً انہی کپڑوں میں نماز پڑھنا جائز ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : تطهير النجاسة من بدن المصلي وثوبه والمكان الذي يصلي فيه واجب هكذا في الزاهدي في باب الأنجاس ، هذا إذا كانت النجاسة قدرا مانعا وأمكن إزالتها من غير ارتكاب ما هو أشد حتى لو لم يتمكن من إزالتها إلا بإبداء عورته للناس يصلي معها ، ولو أبداها للإزالة فسق . هكذا في البحر الرائق .

(۱/۵۸ ، كتاب الصلاة ، الباب الثالث في شروط الصلاة ، ط : رشديه وزكريا)

(رد المحتار : ۱/۴۰۲ ، كتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة ، ط : سعيد)

(تبيين الحقائق : ۱/۲۵۱ ، ۲۵۲ ، كتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة ، ط : سعيد)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۴/۳۵۹)

نماز میں ''ہائے'' کہنا

مسئلہ(۳۷): نماز کے دوران رنج وغم کی وجہ سے ''ہائے'' کہنے سے نماز فاسد ہوجاتی ہے، اس نماز کو دوبارہ پڑھنا لازم ہے، اگر کسی مرض یا زخم کی وجہ سے ''ہائے'' کہا ہے، جس کو ضبط کرنا ممکن نہیں، تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (۱)

نماز میں ہنسنا

مسئلہ(۳۸): نماز میں ہنسنے سے نماز فاسد ہوجاتی ہے، اور وضو برقرار رہتا ہے، اس لیے اس نماز کو دوبارہ نیت باندھ کر پڑھنا لازم ہے، ہنسنے سے مراد یہ ہے کہ ہنسنے کی آواز خود سنے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : والانين هو قوله " آه " بالقصر والتأوه هو قوله " آه " بالمد والتأفيف " أف " أو " تف " والبكاء بصوت يحصل به حروف لوجع أو مصيبة قيد للأربعة إلا لمريض لا يملك نفسه عن أنين أو تأوه حينئذ كعطاس وسعال وجشاء أو تثاؤب وإن حصل حروف للضرورة . (۱/۶۱۹ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة ، مطلب المواضع التي لا يجب فيها رد السلام ، ط : سعيد)

(فتاوى عالمگيري : ۱/۱۰۰ ، كتاب الصلاة ، الباب السابع فيما يفسد الصلاة ، ط : رشيديه وزكريا ، تبيين الحقائق : ۱/۳۹۱ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، ط : سعيد كراچي) (نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۴/۳۵۸)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " فتاوى عالمگيري " : والضحک يبطل الصلاة ولا يبطل الطهارة . (۱/۱۲ ، كتاب الطهارة ، الفصل الخامس في نواقض الوضوء ، رد المحتار : ۱/۱۴۵ ، كتاب=

ہونٹ بند کر کے قرأت کرنا

مسئلہ (۳۹): نماز میں چپ چاپ ہونٹ بند کر کے دِل ہی دِل میں قرأت کرنے سے نماز نہیں ہوگی، قرأت کا رکن ادا ہونے کے لیے کم از کم درجہ یہ ہے کہ حروف صحیح طور پر نکلیں، اور اس کے پاس والا یا خود اپنی قرأت کی آواز سن سکے، اس لیے نماز کے دوران ہونٹ ہلا کر قرأت کرنا ضروری ہے۔ ہونٹ کو حرکت دیئے بغیر جو قرأت کی جاتی ہے شریعت میں اس کا اعتبار نہیں۔ (۱)

= الصلاة ، باب ما ينقض الوضوء ، ط : سعيد ، هدايه مع فتح القدير : ۱/۴۶ ، كتاب الصلاة ، فصل في نواقض الوضوء ، ط : رشيديه وزكريا) (نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۴/۳۶۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتاوى عالمگيري " : وأما حد القراءة فنقول تصحيح الحروف أمر لا بد منه فإن صحح الحروف بلسانه ولم يسمع نفسه لا يجوز ، وبه أخذ عامة المشايخ ، هكذا في المحيط ، وهو المختار . هكذا في السراجية ، وهو الصحيح . هكذا في النقاية .

(۱/۶۹ ، كتاب الصلاة ، الباب الرابع في صفة الصلاة ، الفصل الأول في فرائض الصلاة ، رد المحتار : ۱/۵۳۴ ، ۵۳۵ ، كتاب الصلاة ، فصل في القراءة)

ما في " رد المحتار " : فقد ظهر بهذا أن أدنى المخافتة إسماع نفسه أو من بقربه من رجل أو رجلين مثلا ، وأعلاها تصحيح الحروف كما هو مذهب الكرخي ، ولا تعتبر هنا في الأصح وأدنى الجهر إسماع غيره ممن ليس بقربه كأهل الصف الأول ، وأعلاها لا حد له . فافهم . (۱/۵۳۵)

(شرح الوقاية مع عمدة الرعاية : ص/۱۴۹ ، كتاب الصلاة ، فصل في القراءة ، ط : سعيد كراچي) (نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۴/۳۶۴)

معذور آدمی کہاں کھڑا رہے؟

مسئلہ (۴۰): اگر معذور آدمی پہلی صف میں نماز ادا کرنے کی صورت میں کافی جگہ روک لیتا ہے، یا صف کے درمیان کافی جگہ خالی رہتی ہے، یا دوسرے نمازیوں کو تکلیف ہوتی ہے، تو ایسے معذور کے لیے بہتر ہے کہ آخری صف میں جہاں کنارے پر جگہ ہو، وہاں نماز ادا کریں، اِن شاء اللہ اُس کو جماعت اور پہلی صف میں شامل ہوکر نماز پڑھنے کا ثواب ملے گا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو مسلمان کسی مسلمان کو تکلیف پہنچنے کے اندیشہ سے پہلی صف چھوڑ دے، تو اس کو پہلی صف کا دوگنا اجر دیا جائے گا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المعجم الأوسط للطبراني " : عن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ : " من ترک الصف الأول مخافة أن يؤذي أحدًا أضعف الله له أجر الصف الأول " .

(۱/۱۷۱ ، رقم : ۵۳۷ ، ط : دار الحرمين – القاهرة)

ما في " رد المحتار " : تنبيه : قال في المعراج : الأفضل أن يقف في الصف الآخر إذا خاف إيذاء أحد ، قال عليه الصلاة والسلام : " من ترک الصف الأول مخافة أن يؤذي مسلما أضعف له أجر الصف الأول " ، وبه أخذ أبو حنيفة ومحمد ، وفي كراهة ترک الصف الأول مع إمكانه خلاف . اهـ . أي لو تركه مع عدم خوف الإيذاء ، وهذا لو قبل الشروع ، فلو شرعوا وفي الصف الأول فرجة له خرق الصفوف .

(۱/۵۶۹ ، باب الإمامة ، قبيل مطلب في جواز الإيثار في بالقرب ، ط : سعيد)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۴/۱۰۲)

مریض کا صف کے کنارے بیٹھنا

مسئلہ (۴۱): عام طور پر آدمی جب جماعت میں شریک ہوتا ہے، تو وہ صف کے بائیں طرف بیٹھ کر نماز ادا کرتا ہے، اور درمیان میں بیٹھنے کو برا سمجھتا ہے، یہ غلط ہے، اس لیے اگر معذور شخص صف کے درمیان بیٹھ کر نماز ادا کرے، تو سب کی نماز ہو جائے گی، معذور اور غیر معذور کی نماز میں کوئی خرابی نہیں آئے گی۔ (۱)

دورانِ نماز عذر ختم ہو گیا

مسئلہ (۴۲): اگر نماز کے دوران معذور کا عذر ختم ہو گیا، تو نماز فاسد ہو جائے گی، اور اگر آخری قعدہ کے التحیات پڑھنے کے بعد عذر ختم ہو گیا، تو امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک نماز فاسد ہو جائے گی، اور وضو کر کے اس نماز کو دوبارہ پڑھنا لازم ہوگا، اور صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک نماز فاسد نہیں ہوگی، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب میں احتیاط ہے، اور صاحبین رحمہما اللہ کے مذہب میں آسانی ہے۔ اس لیے احتیاط پر عمل اَولیٰ ہوگا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في "رد المحتار" : فلو شرعوا وفي الصف الأول فرجة له خرق الصفوف .

(۱/ ۵۶۹ ، باب الإمامة ، قبيل مطلب في جواز الإيثار في بالقرب ، ط : سعيد)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا: ۴/۱۰۳)

(اغلاط العوام: ص/ ۷۵، جماعت وامامت کی اغلاط، ط: زم زم پبلی شرز، کراچی)

الحجة على ما قلنا :=

معذور شرعی

مسئلہ (۴۳): اگر کسی آدمی کو وضو توڑنے والی چیزوں میں سے کوئی چیز مثلاً قطرہ، ریح، خون وغیرہ مسلسل آتا رہتا ہے، اور ایک نماز کے مکمل وقت میں سے اتنا وقت بھی نہیں ملتا کہ وہ وضو اور پاکی کے ساتھ اس وقت کی فرض نماز ادا کر سکے، تو وہ معذور ہے[۱]، ایسا معذور ہر نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد نیا وضو کر کے پاک کپڑا پہن کر، یا جس جگہ پر نجاست لگی ہے اس کو دھو کر فرض، واجب، سنت، نفل جو چاہے پڑھ سکتا ہے، جب تک اس نماز کا وقت باقی رہے گا، تو اس وضو توڑنے والی چیز کے جاری رہنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا، ہاں! اس وضو توڑنے والی چیز کے علاوہ دوسری وضو توڑنے والی چیز پائی جانے کی وجہ سے وضو ٹوٹ جائے گا۔[۲]

=(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : واعلم انه (ان تعمد عملا ينافيها بعد جلوسه قدر التشهد) ولو بعد سبق حدثه (تمت) لتمام فرائضها ، نعم تعاد لترک واجب السلام (ولو) وجد المنافي (بلا صنعه) قبل القعود بطلت اتفاقا ولو (بعده بطلت) في المسائل الاثنى عشرية عنده . وقالا : صحت .

(۱/۶۰۶ ، باب الاستخلاف ، المسائل الاثنى عشرية ، ط : سعيد)

ما في " رد المحتار " : قوله : (وفي الشرنبلالية والأظهر قولهما الخ) .... ومن المقرر طلب الاحتياط في صحة العبادة لتبرأ ذمة المكلف بها ، وليس الاحتياط إلا بقول الإمام الأعظم أنها تبطل . اهـ . قلت : وعليه المتون .

(۱/۶۰۷ ، باب الاستخلاف ، المسائل الاثني عشرية ، ط : سعيد كراچي)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۴/۱۰۳)=

.....

.....

.....

.....

.....

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " رد المحتار " : وصاحب عذر من به سلس بول لا يمكنه إمساكه أو استطلاق بطن أو انفلات ريح أو استحاضة أو بعينه رمد أو عمش أو غرب ، وكذا كل ما يخرج بوجع ولو من أذن وثدي وسرة إن استوعب عذره تمام وقت صلاة مفروضة بأن لا يجد في جميع وقتها زنا يتوضأ ويصلي فيه خاليا عن الحدث ولو حكما ؛ لأن الانقطاع اليسير ملحق بالعدم . (۱/۳۰۵ ، كتاب الطهارة ، باب الحيض ، مطلب في أحكام المعذور، ط : سعيد ، البحر الرائق : ۱/۲۱۵ ، باب الحيض ، ط : سعيد)

(الفتاوى الهندية : ۱/۴۰ ، الباب السادس في الدماء الخ ، الفصل الرابع في أحكام الحيض والنفاس والاستحاضة ، ط : رشيديه)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وحكمه الوضوء لا غسل ثوبه ونحوه لكل فرض) اللام للوقت كما في لدلوك الشمس (ثم يصلي) به (فيه فرضا ونفلا) فدخل الواجب بالأولى (فإذا خرج الوقت بطل) أي ظهر حدثه السابق حتى لو توضأ على الانقطاع ودام إلى خروجه لم يبطل بالخروج ما لم يطرأ حدث آخر أو يسيل كمسألة مسح خفه . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (وإن سال على ثوبه) فوق الدرهم (جاز له أن لا يغسله إن كان لو غسله تنجس قبل الفراغ منها أي الصلاة (وإلا) يتنجس قبل فراغه (فلا) يجوز ترك غسله ، هو المختار للفتوى . (۱/۳۰۵ ، ۳۰۶ ، كتاب الطهارة ، باب الحيض ، مطلب في أحكام المعذور ، ط : سعيد ، الفتاوى الهندية : ۱/۴۰ ، ۴۱ ، الفصل الرابع في أحكام الحيض والنفاس والاستحاضة ومما يتصل بذلك أحكام المعذور ، ط : رشيديه ، البحر الرائق : ۱/۲۱۵ ، باب الحيض ، ط : سعيد) (نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۴/۹۹)

''بمصیطر'' اور '' بمسیطر'' پڑھنا

مسئلہ (۴۴): قرآن مجید میں بعض جگہ، بعض الفاظ کے کسی حرف کے اوپر یا نیچے چھوٹا سا ایک حرف لکھا ہوتا ہے، مثلاً سورۂ غاشیہ میں ''بمصیطر'' میں صاد کے اوپر چھوٹا سا ''س'' لکھا ہوا ہے، اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ یہ لفظ ''س'' اور ''ص'' دونوں حرفوں سے پڑھا گیا ہے، اور تلاوت کرنے والا خواہ ''س'' سے پڑھے یا ''ص'' سے، دونوں صورتیں صحیح ہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تفسر جلالين " : ﴿انما أنت مذكر لست عليهم بمصيطر﴾ وفي قراء ة بالصاد بدل السين أي بمسلط . (ص/۴۹۸ ، سورة الغاشية)

ما في " الفتاوى التاتار خانية " : ولو قرأ مكان السين صادًا في بعض المواضع يجوز ، وفي بعضها لا يجوز نحو قوله تعالى : ﴿لست عليهم بمسيطر﴾ و ﴿بمصيطر﴾ ، ﴿بسطة﴾ و ﴿وبصطة﴾ كلاهما صح في القرآن و اللغات .

(۱/۲۹۱ ، كتاب الصلاة ، فصل في القراء ة ، الفصل الأول في ذكر حرف مكان حرف)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۲/۲۷۶، دوقرأتیں)

سورۂ فاتحہ کی ہر ہر آیت پر وقف اور ایک سانس میں زیادہ آیتیں پڑھنا

مسئلہ (۴۵): تلاوتِ قرآنِ کریم کے وقت سورۂ فاتحہ کی ہر ہر آیت پر وقف کرنا افضل ہے(۱)، اس لیے کہ اس کی ہر آیت پر اللہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے پڑھنے والے کو جواب دیا جاتا ہے، جیسا کہ صحیح حدیث سے ثابت ہے(۲)، اور دیگر سورتوں میں رُموزِ اوقاف کی رعایت کرتے ہوئے تلاوت کرنی چاہیے، کیوں کہ ان رُموز کو معانی کے لحاظ سے ہی مقرر کیا گیا ہے، نیز تلاوت کرتے ہوئے ہمیشہ سکون اور سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا چاہیے(۳)، ایک سانس میں زیادہ آیتیں پڑھ لینا کوئی خوبی یا تعریف کی بات نہیں ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن قتادة قال : سئل أنس كيف كانت قراءة النبي ﷺ ؟ فقال : كانت مدّا ثم قرأ بسم الله الرحمن الرحيم يمدّ ببسم الله ويمد بالرحمن ويمد بالرحيم . (۲/۷۵۴ ، كتاب فضائل القرآن ، باب مد القراءة)

ما في " سنن أبي داود " : عن عبد الله بن أبي مليكة عن أم سلمة أنها ذكرت أو كلمة غيرها قراءة رسول الله ﷺ بسم الله الرحمن الرحيم الحمد لله رب العالمين الرحمن الرحيم مالك يوم الدين يقطع قراءته آية آية .

(ص/۵۵۲ ، باب الحروف والقراءات ، ط : مكتبه بلال ديوبند ، جامع الترمذي : ۲/۱۲۰ ، ۱۲۱ ، أبواب القراءات عن رسول الله ﷺ ، ط: مكتبه بلال ديوبند)

(۲) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة رضي الله عنه ..... سمعت رسول الله=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= ﷺ يقول : " قال الله تعالى : قسمت الصلاة بيني وبين عبدي نصفين ، ولعبدي ما سأل ، فإذا قال العبد : الحمد لله رب العالمين ، قال الله تعالى : حمدني عبدي ، وإذا قال : الرحمن الرحيم ، قال الله تعالى : أثنى علي عبدي ، فإذا قال : مالك يوم الدين ، قال : مجدني عبدي ، وقال مسرة : فوض إلي عبدي ، فإذا قال : إياك نعبد وإياك نستعين ، قال : هذا بيني وبين عبدي ولعبدي ما سأل ، فإذا قال : إهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين ، قال : هذا لعبدي ولعبدي ما سأل " . (١/١٦٩ ، ١٧٠ ، كتاب الصلاة ، باب وجوب قراءة الفاتحة في كل ركعة الخ)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ورتل القرآن ترتيلا﴾ . (سورة المزمل : ۴)

ما في " مختصر تفسير ابن كثير " : قوله تعالى : (ورتل القرآن ترتيلا) أي اقرأه على تمهل ، فإنه يكون عونًا على فهم القرآن وتدبره . وكذلك كان يقرأ صلوات الله وسلامه عليه ، قالت عائشة : كان يقرأ السورة فيرتلها .... وقد قدمنا في أول التفسير الأحاديث الدالة على استحباب الترتيل وتحسين الصوت بالقراءة . (٣/٥٦٢ ، ٥٦٣ ، سورة المزمل)

(کتاب النوازل:۲/۲۵۹)

قعدۂ اخیرہ میں تشہد کے بعد بھول کر کھڑا ہو گیا

مسئلہ (۴۶): اگر کوئی نمازی قعدۂ اخیرہ میں تشہد پڑھنے کے بعد بھول کر کھڑا ہو گیا، پھر یاد آنے پر بیٹھ گیا، تو اب سجدۂ سہو کرنے کے لیے دوبارہ ''التحیات'' پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے، بلکہ بیٹھتے ہی سلام پھیر کر سجدۂ سہو کر لے، پھر بیٹھ کر ''التحیات، درود شریف اور دعا پڑھ کر سلام پھیر کر نماز پوری کرے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (وإن قعد في الرابعة) مثلا قدر التشهد (ثم قام عاد وسلم) ولو سلم قائمًا صح . (تنوير مع الدر) وفي الشامية : وفيه إشارة إلى أنه لا يعيد التشهد، وبه صرح في البحر . (۲/۵۵۳ ، كتاب الصلاة ، باب سجود السهو)

ما في " البحر الرائق " : قوله : (وإن قعد في الرابعة ثم قام عاد وسلم) ثم إذا عاد لا يعيد التشهد .... وسجد للسهو ؛ لأنه آخر الواجب وهو السلام .

(۲/۱۸۴ ، ۱۸۶ ، كتاب الصلاة ، باب سجود السهو)

(تبيين الحقائق : ۱/۴۸۱ ، كتاب الصلاة ، باب سجود السهو)

(حلبي كبير : ص/۴۶۳ ، فصل في سجود السهو)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۳/۲۵۷،قعدۂ اخیرہ کر کے کھڑا ہو گیا)

قضا نماز گھر پر ادا کرے

مسئلہ (۴۷): اگر کسی شخص کی کوئی نماز قضا ہو جائے، تو اسے چاہیے کہ وہ اسے چھپ کر پوشیدہ طور پر پڑھے، دوسروں کو مطلع کر کے علی الاعلان نہ پڑھے، کیوں کہ نماز اپنے وقت پر نہ پڑھنا بہت بڑا گناہ ہے، اور گناہ کو ظاہر کرنا بھی گناہ ہے، فتاویٰ شامی میں ہے کہ قضا نماز علی الاعلان پڑھنا مکروہِ تحریمی ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وينبغي أن لا يطلع غيره على قضائه ؛ لأن التأخير معصية فلا يظهرها . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (وينبغي الخ) تقدم في باب الأذان أنه يكره قضاء الفائتة في المسجد ، وعلله الشارح بما هنا من أن التأخير معصية فلا يظهرها ، وظاهره أن الممنوع هو القضاء مع الاطلاع عليه ، سواء كان في المسجد أو غيره كما أفاده في المنح . قلت : والظاهر أن ينبغي هنا الوجوب وأن الكراهة تحريمية ؛ لأن إظهار المعصية معصية ، لحديث الصحيحين : " كل أمتي مُعافًى إلا المجاهرين ، وإن من الجهار أن يعمل الرجل بالليل عملا ثم يصبح وقد ستره الله فيقول : عملت البارحة كذا وكذا ، وقد بات يستره ربه ويصبح يكشف ستر الله عنه " .

(۲/۵۳۹ ، كتاب الصلاة ، قبيل باب سجود السهو)

ما في " حلبي كبير " : إذا فاتته صلوات ينبغي أن يقضيها في البيت لا في المسجد سترا لذنبه . (ص/۵۳۴ ، فصل في سجود السهو)

ما في " البحر الرائق " : إذا فاتت عن وقتها ينبغي أن يقضيها في بيته ولا يقضيها في المسجد . (۲/۱۶۰ ، كتاب الصلاة ، قبيل باب سجود السهو ، كذا في الفتاوى الهندية : ۱/۱۲۵ ، كتاب الصلاة ، قبيل الباب الثاني عشر في سجود السهو)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۳/۲۵۰،قضا نماز یں چھپ کر ادا کرے)

فصل في سجدة التلاوة

سجدۂ تلاوت کے مسائل

موبائل پر آیتِ سجدہ سننے سے سجدۂ تلاوت

مسئلہ (۴۸): موبائل یا ٹیلی ویژن پر براہِ راست (لائیو/Live) آیتِ سجدہ سننے سے بعض علماء کے نزدیک سجدۂ تلاوت واجب ہوجاتا ہے، لیکن بعض مفتیانِ کرام کی تحقیق یہ ہے کہ ٹیلی ویژن یا موبائل پر لائیو (Live) کے نام سے جو پروگرام نشر ہوتے ہیں، وہ کیمرے میں محفوظ ہونے کے بعد نشر ہوتے ہیں، لہٰذا ٹیلی ویژن یا موبائل پر براہِ راست نشر ہونے والی آیتِ سجدہ سننے سے، سجدۂ تلاوت واجب نہیں ہوگا[۱]، البتہ! احتیاط یہ ہے کہ سجدہ کرلیا جائے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالى : لا تجب بسماعه من الصدى والطير ومن كل تال حرفًا ولا بالتهجي . " أشباه " . (در مختار) .

(رد المحتار : ۲/۵۸۳ ، باب سجود التلاوة)

ما في " بدائع الصنائع " : بخلاف السماع عن الببغاء والصدى ، فإن ذلك ليس بتلاوة ، وكذا إذا سمع من المجنون ، لأن ذلك ليس بتلاوة صحيحة لعدم أهليته لإنعدام التمييز .

(۱/۴۲۷ ، كتاب الصلاة ، فصل في بيان من تجب عليه ، الفتاوى التاتار خانية : ۱/۴۸۷ ، كتاب الصلاة ، الفصل الحادي والعشرون في سجدة التلاوة ، البحر الرائق : ۲/۲۷ ، باب سجود التلاوة ، الفتاوى الهندية : ۱/۱۳۲ ، الباب الثالث عشر في سجود التلاوة ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : ص/۴۸۶ ، كتاب الصلاة ، باب سجود التلاوة)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : الاحتياط لغة : الأخذ في الأمور بالأحزم والأوثق وبمعنى المحاذرة ، ومنه القول السائر : أوسط الرأي الاحتياط ، وبمعنى الاحتراز من الخطأ واتقائه . (۲/۱۰۰)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما سبب وجوب السجدة : فسبب وجوبها أحد شيئين : التلاوة أو السماع ، كل واحد منهما على حاله موجب ، فيجب على التالي الأصم ، والسامع الذي لم يتل . (۱/۳۰۷ ، كتاب الصلاة ، فصل في سبب وجوب السجدة ، ط : بيروت)

ما في " الهداية مع فتح القدير " : والسجدة واجبة ..... على التالي والسامع ، سواء قصد سماع القرآن أو لم يقصد لقوله عليه السلام : " السجدة على من سمعها وعلى من تلاها " . وهي كلمة إيجاب وهو غير مقيد بالقصد .

(۲/۱۳ ، كتاب الصلاة ، باب سجود التلاوة ، ط : بيروت ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح :ص/۴۸۴ ، كتاب الصلاة ، باب سجود التلاوة)

ما في " المصنف لإبن أبي شيبة " : وعن ابن عمر قال : " إنما السجدة على من سمعها " .

(۳/۳۹۰ ، رقم : ۴۲۵۲ ، رقم الباب [۲۰۹] من قال : السجدة على من جلس لها ومن سمعها ، ط : المجلس العلمي بيروت) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۱۵۳۳۲۲)

باب الجمعة

جمعہ کے مسائل

خطبۂ جمعہ میں آیتِ سجدہ پڑھنا

مسئلہ (۴۹): اگر کوئی امام خطبۂ جمعہ یا خطبۂ عیدین میں کوئی آیتِ سجدہ پڑھے، تو امام پر، اور جن لوگوں نے آیتِ سجدہ سنی ہے، اُن پر سجدۂ تلاوت کرنا واجب ہوگا، اور جن لوگوں نے آیتِ سجدہ نہیں سنی، اُن پر سجدۂ تلاوت واجب نہیں ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي سعيدن الخدري أنه قال : قرأ رسول الله ﷺ وهو على المنبر فلما بلغ السجدة نزل فسجد وسجد الناس معه ، فلما كان يوم آخر قرأها فلما بلغ السجدة تشزّن الناس للسجود فقال النبي ﷺ : " إنما هي توبة نبي ولكني رأيتكم تشزّنتم للسجود فنزل فسجد وسجدوا " . (۱/۵۳۲ ، رقم : ۱۴۱۲ ، كتاب الصلاة ، باب السجود الخ ، ط : دار الكتاب العربي بيروت)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولو تلا على المنبر سجد وسجد السامعون . (در مختار) . وفي الشامية : أي لا غيرهم بخلاف الصلاة . (۲/۵۹۸ ، ط : زكريا)

(الموسوعة الفقهية : ۲۴/۲۲۶ ، سجود ، السجود للتلاوة خلف التالي)

(کتاب المسائل: ۱/۵۴۱، امام کا خطبۂ جمعہ میں آیتِ سجدہ پڑھنا، ط: مکتبہ اسماعیل دیوبند)

فصل في السنن والنوافل

سنن ونوافل کے مسائل

سنتِ مؤکدہ کو اہمیت نہ دے کر چھوڑ دینا

مسئلہ (۵۰): بعض لوگ صرف فرض نماز پر اکتفا کرتے ہیں، اور سنتِ مؤکدہ کو کوئی اہمیت نہ دے کر انہیں چھوڑ دیتے ہیں، جب کہ سنت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ کا نام ہے [۱]، اور سنتِ مؤکدہ وہ نمازیں ہیں، جن کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پابندی سے ہمیشہ پڑھا ہے، بلا کسی عذر ترک نہیں فرمایا ہے، یہ عام دنوں میں بارہ رکعتیں ہیں، اور جمعہ کے دن چودہ رکعتیں ہیں، یہ عمل میں واجب کی طرح ہیں، بلا عذر چھوڑنے والا اور اس کی عادت بنالینے والا فاسق اور گنہگار ہے [۲]، اور ایسا شخص اتباعِ سنت کے ثمرہ میں ملنے والی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے محروم رہے گا، ہاں! اگر کبھی کبھار کسی عذر کی وجہ سے نہ پڑھ سکے، تو اجازت ہے، گناہ نہ ہوگا۔ [۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : رجل ترك سنن الصلاة ، إن لم ير السنن حقا فقد كفر ، لأنه تركها استخفافا ، وإن رآها حقا فالصحيح أنه يأثم ، لأنه جاء الوعيد بالترك . كذا في محيط السرخسي . (۱/۱۱۲ ، كتاب الصلاة ، الباب التاسع في النوافل)

(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن العرباض بن سارية قال : صلى بنا رسول الله=

.....

.....

= ﷺ ذات يوم ، ثم أقبل علينا بوجهه فوعظنا موعظة بليغة ، ذرفت منها العيون ، ووجلت منها القلوب .... فقال : " أوصيكم بتقوى الله ، والسمع والطاعة وإن كان عبدًا حبشيًا ، فإنه من يعيش منكم بعدي فسيرى اختلافًا كثيرًا ، فعليكم بسنتي وسنة الخلفاء الراشدين المهديين ، تمسّكوا بها وعضّوا عليها بالنواجذ ..". الحديث .

(ص/٢٩ ، ٣٠ ، كتاب الإيمان ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الثاني ، رقم : ١٦٣ ، ط : مكتبه رشيديه سهارنفور)

ما في " صحيح مسلم " : عن أنس رضي الله عنه أن نفرًا من أصحاب النبي ﷺ سألوا أزواج النبي ﷺ عن عمله في السرّ ، فقال بعضهم : لا أتزوج النساء ، وقال بعضهم : لا آكل اللحم ، وقال بعضهم : لا أنام على فراش ، فحمد الله وأثنى عليه فقال : " ما بال أقوام قالوا كذا وكذا ، لكني أصلي وأنام ، وأصوم وأفطر ، وأتزوج النساء ، فمن رغِب عن سنتي فليس مني " . (١/٤٤٩ ، كتاب النكاح ، باب استحباب النكاح لمن تاقت نفسه إليه ووجد مؤنة الخ ، ط : المكتبة الفيصل ديوبند ، صحيح البخاري :٢/٧٥٧ ، كتاب النكاح ، باب الترغيب في النكاح ، رقم :٤٨٧٢ ، ط : مكتبه بلال ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وصرح الحنفية : أن تارك السنن الرواتب يستوجب اساء ة وكراهية ، وفسر ابن عابدين استيجاب الإساء ة بالتضليل واللوم ، وقال صاحب كشف الأسرار : الإساء ة دون الكراهة ، وقال ابن نجيم : الإساء ة أفحش من الكراهة ، وفي التلويح : ترك السنة المؤكدة قريب من الحرام .

(٢٥/٢٧٦ ، السنن الرواتب ، الحكم التكليفي لأداء السنن الرواتب)

(٣) ما في " رد المحتار " : قال الشامي رحمه الله تعالى : إن الإثم منوط بترك الواجب أو السنة المؤكدة على الصحيح لتصريحهم بأن من ترك سنن الصلاة الخمس قيل : لا يأثم ، والصحيح أنه يأ ثم . (١/٢٢٠ ، كتاب الطهارة ، مطلب في السنة وتعريفها)

(المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة :١/٦٤ ،مسئلہ نمبر:٥٤ ،سننِ مؤکدہ کا ترک کرنا)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند ،رقم الفتویٰ:٣٩٧)

مروجہ شبینہ کا شرعی حکم

مسئلہ (۵۱): نفسِ ختمِ قرآن شریف خصوصاً نماز میں موجبِ اجر اور موجبِ سعادت وبرکت ہے، بشرطیکہ التزامِ مالا یلزم اور عوارضِ محظورہ سے خالی ہو، شبینہ مروجہ میں چند عوارض ایسے ہیں جو کہ مثلِ لازم غیر منفک کے ہیں۔

(۱) اُولاً: عام طور پر ریا اور فخر کے لیے شبینہ کیا جاتا ہے، اخلاص نہیں ہوتا۔ چنانچہ اہلِ محلّہ اور حفاظ دوسرے اہلِ محلّہ وحفاظ کے مقابلے میں کہتے ہیں کہ ہماری مسجد میں صرف اتنی دیر میں ختم ہوا۔ ریا کی ممانعت قرآن وحدیث شریف سے ثابت ہے، خصوصاً نماز میں ریا کے متعلق وارد ہے: ﴿فویل للمصلین ○ الذین هم عن صلوتهم ساهون ○ الذین هم یرآؤن﴾ .[۱]

(۲) ثانیاً: نمازی خود اتنی طویل نماز کے شوقین نہیں۔ چنانچہ تنہائی میں کبھی اتنی طویل نماز نہ مقتدی پڑھتے ہیں اور نہ ہی امام، اور سُستی وکسل کی حالت میں شبینہ کی شرکت کرتے ہیں، بلکہ اکثر بیٹھے یا لیٹے رہتے ہیں، جب رکوع کا وقت آتا ہے، تو جلدی سے کھڑے ہوکر بعض بیٹھے ہی بیٹھے نیت باندھ کر شریک ہوجاتے ہیں۔[۲]

(۳) ثالثاً: حفاظ اتنا تیز پڑھتے ہیں کہ تدبر تو بجائے خود الفاظ تک صاف سمجھ میں نہیں آتے، بلکہ پورے الفاظ ادا بھی نہیں ہوتے۔ حدیث شریف میں " هذًا کهذ الشعر " کی ممانعت آئی ہے۔[۳]

(۴) رابعاً: روشنی اور دیگر تکلُّفات ایسے کیے جاتے ہیں جو کہ حدِ اِسراف میں

داخل ہونے کی وجہ سے ممنوع ہے۔ (۴)

(۵) خامساً: حفاظ کے لیے نقد یا مٹھائی اور کچھ خورد ونوش کا اہتمام کیا جاتا ہے، جو کہ صورۃً اور حقیقۃً بھی تلاوت کی اُجرت ہے اور ممنوع ہے۔ (۵)

(۶) سادساً: مردوں اور بچوں کا ہجوم ہوکر شور وشغب ہوتا ہے، اور یہ شور وشغب احترامِ مسجد کے خلاف ہے۔ اور ساتھ ساتھ اگر عورتیں بھی آئیں، تو پھر اللہ کی پناہ- مفاسد کی کچھ حد نہیں رہے گی۔ (۶)

اور پھر کبھی عورتوں کے ساتھ چھوٹے بچے بھی ہوتے ہیں، جو کہ اکثر پیشاب کرکے مسجد کو ملوث کرتے ہیں۔ حدیث شریف میں بچوں سے خاص طور سے مسجد کو محفوظ رکھنے کا امر آیا ہے۔ (۷)

(۷) سابعاً: اس سلسلے میں عامۃً محلّہ سے چندہ وصول کیا جاتا ہے، جن میں بعض غریب اور نادار ہوتے ہیں، وہ یا تو چندہ بالکل نہیں دینا چاہتے، یا کم دینا چاہتے ہیں، مگر شبینہ اور ختم کے کارکن کبھی شرم وغیرت دلاکر، کبھی ناجائز دباؤ ڈال کر ان سے زائد وصول کرتے ہیں۔ (۸)

(۸) ثامناً: مٹھائی زیادہ تر فخر وریا کے لیے تقسیم کی جاتی ہے، اور فخر وریا کے کھانے کی ممانعت بھی احادیث میں آئی ہے۔

(۹) تاسعاً: جو شخص چندہ نہ دے اس پر طعن کیا جاتا ہے، اس کے لیے القابِ بخیل وغیرہ تجویز کیے جاتے ہیں۔ (۹)

.....

الحجة على ما قلنا :

(۱) (سورة الماعون : ۴ ، ۵ ، ۶)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وإذا قاموا الى الصلوة قاموا كسالى يراء ون الناس ولا يذكرون الله إلا قليلا﴾ . (سورة النساء : ۱۴۲)

(۳) ما في " سنن النسائي " : عن عمرو بن مرة قال : سمعت أبا وائل يقول : قال رجل عند عبد الله : قرأت المفصل في ركعة قال : " هذا كهذ الشعر " . (۱۷۵/۲ ، رقم : ۱۰۰۵ ، قراء ة سورتين في ركعة ، ط : مكتب المطبوعات الإسلامية حلب)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تسرفوا إنه لا يحب المسرفين﴾ .

(سورة الأنعام : ۱۴۱ ، سورة الأعراف : ۳۱)

(۵) ما في " رد المحتار " : قال تاج الشريعة في شرح الهداية : إن القراء ة بالأجرة لا يستحق الثواب لا للميت ولا للقارئ ، وقال العيني في شرح الهداية : ومنع القاري للدنيا ، والآخذ والمعطي آثمان ، فالحاصل : فإذا لم يكن للقارئ ثواب لعدم النية الصحيحة ، فأين يصل الثواب إلى المستأجر ، ولولا الأجرة لما قرأ أحد لأحد في هذا الزمان .

(۶۶/۹ ، تحريم مهم في عدم جواز الاستيجار على التلاوة)

(۶) ما في " جامع الترمذي " : قال رسول الله ﷺ : " المرأة عورة ، فإذا خرجت استشرفها الشيطان " . (۲۲۱/۱)

(۷) ما في " سنن ابن ماجة ": عن واثلة بن الأسقع أن النبي ﷺ قال :"جنبوا مساجدكم صبيانكم ومجانينكم وشرائكم وبيعكم وخصوماتكم " .

(ص/۵۴ ، باب ما يكره في المساجد)

(۸) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال : قال رسول الله ﷺ : " ألا لا يحل ، ألا لا تظلموا مال امرئ إلا بطيب نفسه منه " . رواه البيهقي في شعب الإيمان والدار قطني في المجتبى .

(ص/۲۵۵ ، كتاب الغصب والعارية ، الفصل الثاني ، رقم :۲۹۴۶)

(۹) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تنابزوا بالألقاب﴾ . (سورة الحجرات : ۱۱)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

مسئلہ (۱۱۵): بعض لوگوں کو بذریعہ طیارہ، جب مدینہ منورہ سے جدہ، اور جدہ سے مکہ مکرمہ جانا ہوتا ہے، تو وہ یہ سمجھتے ہیں کہ پہلے ٹیکسی کے ذریعے، میقات پر جاکر احرام باندھنا ضروری ہے، کیوں کہ میقات فضائی راستے میں ہی آجاتا ہے، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ احرام باندھنے کے لیے پہلے میقات جانا اور پھر واپس ایئرپورٹ آنا ضروری نہیں، بلکہ میقات آنے سے قبل احرام باندھ لینا افضل ہے، لہٰذا ہوائی جہاز پر سوار ہونے سے پہلے مدینہ منورہ میں ہوٹل ہی کے اندر، یا ہوائی جہاز پر سوار ہونے کے فوراً بعد احرام باندھ لیا جائے، تو بہتر ہے۔ (۱)

=والحج المبرور ليس له جزاء إلا الجنة" . وما رواه أبو هريرة رضي الله عنه ، عن رسول الله ﷺ أنه قال : " الحجاج والعمار وفد الله ، إن دعوه أجابهم ، وإن استغفروه غفر لهم" .
(۳۰/۳۱۵ ، عمرة ، فضيلة العمرة)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب المالكية وأكثر الحنفية إلى أن العمرة سنة مؤكدة في العمر مرة واحدة وذهب بعض الحنفية إلى أنها واجبة في العمر مرة واحدة على اصطلاح الحنفية في الواجب . (۳۰/۳۱۴ ، عمرة ، الحكم التكليفي)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : أما في حق المقترض ، فالأصل فيه الإباحة ، وذلك لمن علم من نفسه الوفاءَ ، بأن كان له مال مُرتجًى ، وعزم على الوفاء منه ، وإلا لم يجز .
(۳۰/۱۱۳ ، قرض ، الحكم التكليفي للقرض) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۵۰۵۱۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قال في فتح القدير : وإنما كان التقديم على المواقيت أفضل .
(۳/۴۸۳ ، ط : زكريا ديوبند ، و: ۳/۴۲۸ ، كتاب الحج ، مطلب في المواقيت ، ط : دار الكتاب ديوبند)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=ما في " فتح القدير " : وإنما كان التقديم على المواقيت أفضل ؛ لأنه أكثر تعظيمًا وأوفر مشقة ، والأجر على قدر المشقة ، ولذا كانوا يستحبون الإحرام بهما من الأماكن القاصية .

(۴۳۴/۲ ، ط : دار الكتب العلمية بيروت ، و: ۴۲۸/۲ ، كتاب الحج ، فصل في المواقيت ، ط : دار الفكر بيروت)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : فإن قدم الإحرام على الميقات جاز بالاتفاق ، وهو أفضل عند الحنفية إن أمن اقتراف المحظورات ، ودليل الجواز والأفضلية قوله تعالى : ﴿واتموا الحج والعمرة لله﴾ [البقرة : ۱۹۲] واتمامهما أن يحرم بهما من دويرة أهله كما قال علي وابن مسعود ؛ لأن إتمام الحج مفسر به والمشقة فيه أكثر والتعظيم أوفر . اهـ .

(۲۱۲۵/۳ ، المطلب الثاني في ميقات الحج والعمرة المكاني ، ط : مكتبه رشيديه كوئٹه)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۰۳۰)

نئی حج پالیسی ''بغیر محرم کے سفر حج''

مسئلہ (۱۱۶): کچھ دنوں پہلے مرکزی وزارتِ حج واقلیتی اُمور کی جانب سے، نئی حج پالیسیوں کے ذیل میں یہ بات کہی گئی کہ جن خواتین کی عمر ۴۵ رسال یا اس سے زیادہ ہے، وہ خواتین کا گروپ بنا کر حج پر جاسکتی ہیں، شرعاً یہ پالیسی شریعت میں مداخلت ہے، کیوں کہ حدیث پاک میں صراحت کے ساتھ یہ بات موجود ہے کہ عورتیں بغیر محرم مرد کے سفر نہیں کرسکتیں (۱)، اور اگر کوئی عورت بغیر محرم مرد کے سفر حج پر جاتی ہے، تو بلا شبہ وہ اسلامی احکام کی خلاف ورزی کی مرتکب ہوگی، اس لیے اگر حکومت اجازت بھی دے، تو مسلم خواتین کو اس سے پرہیز کرنا چاہیے، کیوں کہ وہ مسلمان ہیں، قوانینِ اسلام کی پابند ہیں، ممنوعِ شرعی اجازتِ سرکاری سے جائز ومباح نہیں ہوتا، بلکہ وہ ممنوع ہی باقی رہتا ہے، نیز کوئی بھی عبادت اور نیک کام اسی وقت عبادت اور نیکی قرار پاتا ہے، جب کہ وہ اسلامی اصولوں اور ہدایات کے مطابق انجام دیا جائے، ہم مسلمانوں کو یہ بات ہمیشہ ذہن میں رکھنا چاہیے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فاستقم كما امرت ومن تاب معك ولا تطغوا انه بما تعملون بصير﴾ . (سورة هود : ۱۱۲)

(۲) ما في " صحيح مسلم " : عن عبد الله بن عمر رضي الله تعالى عنهما ، عن النبي ﷺ قال : " لا يحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الآخر تسافر مسيرة ثلاث ليال إلا ومعها ذو=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= محرم" . (۱/۴۳۳ ، باب سفر المرأة مع محرم إلى حج وغيره)

ما في "إعلاء السنن": "ألا لا تحجن امرأة إلا ومعها ذو محرم" .

(۱۰/۱۲ ، كتاب المناسک)

ما في " الاختيار لتعليل المختار" : قال : (ولا تحجّ المرأة إلا بزوج أو محرم إذا كان سفرًا) لقوله عليه السلام : " لا يحل لامرأة تؤمن باللّٰه واليوم الآخر أن تسافر ثلاثة أيام فما فوقها إلا ومعها زوجها أو ذو رحِم مَحْرَمٍ منها " .

(۱/۴۳۸ ، كتاب الحج ، ط : دار الرسالة العالمية دمشق)

ما في " الفتاوى التاتارخانية ": والمحرم في حق المرأة شرط ، شابة كانت أو عجوزة ، إذا كانت بينها وبين مكة مسيرة ثلاثة أيام . (۲/۱۴۹ ، فتح القدير :۲/۴۲۵ ، ۴۲۶ ، كتاب الحج ، ط : بيروت ، الفتاوى الهندية : ۱/۲۱۸ ، المبسوط للسرخسي : ۴/۱۲۲)

ما في " بدائع الصنائع " : أن يكون معها زوجها أو محرم لها ، فإن لم يوجد أحدهما لا يجب عليها الحج . (۲/۲۹۹)

كتاب الأضحية والعقيقة

قربانی اور عقیقہ کے احکام ومسائل

اونٹ ذبح کرنے کا شرعی طریقہ

مسئلہ (۱۱۷): اونٹ ذبح کرنے میں نحر کا طریقہ اختیار کرنا مسنون ہے[۱]، نحر کا طریقہ یہ ہے کہ گردن کے بالکل نچلے حصے میں سینے کے پاس دھار دار چھُری بھونک کر، رگیں کاٹی جاتی ہیں[۲]، اور اونٹ کا ذبح کرنا مکروہِ تنزیہی ہے[۳]، ذبح یہ ہے کہ داڑھ کے نیچے گردن کے اُوپری سرے کی رگیں کاٹی جائیں۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فصل لربك وانحر﴾ . (سورة الكوثر : ۲)

ما في " تفسير بحر العلوم – التفسير السمرقندي " : ﴿وانحر﴾ وقال بعضم : انحر يعني البدنة .... وقال بعضهم : صل صلاة العيد يوم العيد وانحر البدنة . (۵۱۹/۳)

ما في " صحيح مسلم " : عن جابر بن عبد الله قال : نحرنا مع رسول الله ﷺ عام الحديبية البدنة عن سبعة والبقرة عن سبعة " .

(۹۵۵/۲ ، ط : الحلبي ، و: ۸۷/۴ ، رقم : ۳۲۴۶ ، كتاب الحج ، باب الاشتراك في الهدي وإجزاء البقرة ، ط : دار الجيل و دار الآفاق الجديدة بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وفي الاصطلاح : البدنة اسم تختص به الإبل .

(۴۱/۸ ، بدنة ، التعريف)

ما في " الموسوعة الفقهية " : والسنة نحرها قائمة معقولة يدُها اليسرى ؛ لما ورد عن عبد الرحمن بن سابط : " أن النبي ﷺ وأصحابه كانوا ينحرون البدنة معقولة اليُسرى ، قائمة على ما بقي من قوائمها " . وفي قوله تعالى : ﴿فإذا وجبت جنوبها﴾ دليل على أنها تنحر =

.....

.....

.....

=قائمة . وكيفيته : أن يطعنها بالحربة في الوهدة التي بين أصل العنق والصدر .

(٨/٤٥ ، ذكاة البدنة)

وما في " الموسوعة الفقهية " : من أنواع الذكاة النحر ، وقد ذهب جمهور الفقهاء إلى أنه يستحب أن ينحر البعير ويذبح ما سواه ، قال الله تعالى : ﴿فصل لربك وانحر﴾ . وقال الله تعالى : ﴿إن الله يأمركم أن تذبحوا بقرة﴾ . قال مجاهد : أمرنا بالنحر وأمر بنو إسرائيل بالذبح ، " فإن النبي ﷺ بعث في قوم ماشيتهم الإبل فسن النحر " ، وكانت بنو إسرائيل ماشيتهم البقر فأمروا بالذبح . وثبت أن رسول الله ﷺ نحر بدنة وضحى بكبشين أقرنين ذبحهما بيده . (٤٠/١٢١ ، نحر ، الأحكام المتعلقة بالنحر ، أ – صفة الذكاة بالنحر)

(٢) ما في " الموسوعة الفقهية " : النحر في اللغة من نحر ينحر نحرا : أصاب نحره ، ونحر البعير ينحره نحرا : طعنه في منحره حيث يبدو الحلقوم من أعلى الصدر ، ومنه قوله تعالى : ﴿فصل لربك وانحر﴾ . ولا يخرج المعنى الاصطلاحي عن المعنى اللغوي ، قال البركتي : هو قطع عروق الإبل الكائنة في أسفل عنقها عند صدورها .

(٤٠/١٢٠ ، نحر ، التعريف)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ثم النحر – كما قال ابن عابدين – هو قطع العروق في أسفل العنق عند الصدر . (٨/٤٥ ، ذكاة البدنة)

(٣) ما في " الموسوعة الفقهية " : تختص الإبل – ومنها البدنة – بالنحر ، فقد ذهب جمهور الفقهاء إلى سنية نحر الإبل . وذهب المالكية إلى وجوب نحرها ، وألحقوا بها الزرافة . وأما ذبحها ، فقد قال بجوازه الشافعية والحنابلة ، وكرهه الحنفية كراهة تنزيه ، على ما نقله ابن عابدين عن أبي السعود عن الدَّيري . (٨/٤٤ ، بدنة ، ز – ذكاة البدنة)

(٤) ما في " الموسوعة الفقهية " : أما الذبح فقطعها في أعلاه تحت اللحيين .

(٨/٤٥ ، ذكاة البدنة)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۸۲۹۹)

چھوٹے دانت والے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۱۸): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اگر قربانی کے جانور کی عمر دو سال پوری ہو، اور دانت بھی پورے ہوں، لیکن اس کے سامنے کے دو دانت بڑے نہیں ہیں، تو ایسے جانور کی قربانی درست نہیں ہے، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ گائے بیل وغیرہ میں دو سال مکمل ہونا شرط ہے، اگر جانور کی عمر پوری ہے، اور ایسے عیوب سے بھی پاک ہے[۱]، جو قربانی سے مانع ہوں، تو اس کی قربانی جائز ہے، چاہے سامنے کے دو دَانت بڑے نہ ہوں۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : كل عيب يزيل المنفعة على الكمال أو الجمال على الكمال يمنع الأضحية ، وما لا يكون بهذه الصفة لا يمنع .

(٥/٢٩٩ ، كتاب الأضحية ، الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب)

(حاشية الشلبي على تبيين الحقائق : ٦/٤٨٢ ، ٤٨٣ ، كتاب الأضحية ، ط : بيروت)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : وأما الهتماء وهي التي لا أسنان لها بأن كانت ترعى وتعتلف جازت وإلا فلا . (٤/٢١٥ ، كتاب التضحية ، باب محل التحضية ، ط : دار الكتاب ديوبند)

ما في " الهداية " : وأما الهتماء وهي التي لا أسنان لها ، فعن أبي يوسف أنه يعتبر في الأسنان الكثرة والقلة ، وعنه إن بقي ما يمكن الاعتلاف به أجزأ لحصول المقصود .

(٤/٤٤٨ ، كتاب الأضحية ، ط : ياسر نديم)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وأما الهتماء وهي التي لا أسنان لها ، فقد روي عن هشام عن أبي يوسف أنه لا يجوز ، سواء كانت تعتلف أو لا تعتلف ، فإن بقي بعض أسنانها إن كانت تعتلف بما بقي من الأسنان جاز وما لا فلا ، وفي جامع الجوامع عن أبي حنيفة التي لا سن لها، ولا تعتلف جاز وإلا فلا ، وفي اليتيمة : كتبت إلى أبي الحسن علي المرغيناني إن كانت=

لنگڑے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۱۹): جو جانور اتنا لنگڑا ہے کہ فقط تین پاؤں سے چلتا ہے، چوتھا پاؤں زمین پر رکھتا ہی نہیں، یا چوتھا پاؤں زمین پر رکھتا تو ہے، لیکن اس سے چل نہیں سکتا، اور جسم کا وزن نہیں رکھ سکتا ہے، تو اس کی قربانی درست نہیں۔ (۱) اور اگر چلتے وقت وہ پاؤں زمین پر ٹیک کر چلتا ہے، اور چلنے میں اس سے سہارا لیتا ہے، لیکن لنگڑا کے چلتا ہے، تو قربانی درست ہے (۲)، نیز ایسا لنگڑا جانور جو قربانی کی جگہ تک نہ جاسکے، اس کی قربانی جائز نہیں۔ (۳)

=تعتلف . (۱۷/۴۲۸ ، كتاب الأضحية ، الفصل : ۵ – ما يجوز من الضحايا ، ط : مكتبه زكريا ديوبند) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۲۷۷۳۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ولا العرجاء ؛ أي التي لا يمكنها المشي برجلها العرجاء إنما تمشي بثلاث قوائم . (۶/۳۲۳ ، ط : سعيد كراتشي ، و : ۹/۳۹۲ ، كتاب الأضحية ، ط : دار الكتاب ديوبند ، الفتاوى الهندية : ۵/۲۹۷ ، ط : رشيديه)

(بدائع الصنائع : ۵/۷۵ ، ط : سعيد كراتشي)

ما في " بدائع الصنائع " : والعرجاء البين عرجها وهي التي لا تقدر تمشي برجلها إلى المنسك . اهـ . (۴/۲۱۴ ، كتاب الأضحية ، ط : دار الكتاب ديوبند)

(۲) ما في " رد المحتار " : حتى لو كانت تضع الرابعة على الأرض وتستعين بها جاز . (۹/۳۹۲ ، كتاب الأضحية ، ط : دار الكتاب ديوبند)

(۳) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولا العرجاء التي لا تمشي إلى المنسك ؛ أي المذبح . (۹/۳۹۲ ، كتاب الأضحية ، ط : دار الكتاب ديوبند)

(بدائع الصنائع : ۴/۲۱۴ ، كتاب الأضحية ، ط : دار الكتاب ديوبند)=

مریل اور بہت کم زور جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۲۰): اگر کوئی جانور اتنا دُبلا پتلا اور مریل ہے، جس کی ہڈیوں میں بالکل گودا نہ رہا ہو، تو اس کی قربانی درست نہیں، البتہ اگر اتنا دُبلا پتلا اور مریل نہیں، صرف کم زور ہے، باقاعدہ چل پھر سکتا ہے، تو اس کی قربانی درست ہے۔ (۱)

=ما في " الموسوعة الفقهية " : العرجاء البيّن عرجها ، وهي التي لا تقدر أن تمشي برجلها إلى المنسك – أي المذبح – . (٨٣/٥ ، أضحية ، شروط صحة الأضحية ، الشرط الثالث : سلامتها من العيوب الفاحشة) (قربانی کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا: ص/۱۵۳، ۱۵۴، لنگڑا)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : لا تجوز التضحية بالمهزولة التي لا مخ في عظامها . (٣٢٣/٦ ، ط : سعيد كراتشي ، و: ٣٩٢/٩ ، ط : دار الكتاب ديوبند)

ما في " رد المحتار " : فلو مهزولتين لا تنقي لا يجوز إذا ذهب مخ عظمها ..... فإن كانت مهزولة فيها بعض الشحم جاز . قوله : لا تنقي أي لا مخ لها ، وهذا يكون من شدة الهزال . (٣٢٣/٦ ، بدائع الصنائع : ٧٥/٥ ، فصل أما شرائط جواز إقامة الواجب)

(الفتاوى الهندية : ٢٩٨/٥ ، ط : رشيديه)

(قربانی کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا: ص/ ۱۵۷، ۱۵۸، مریل جانور)

ایصالِ ثواب کے لیے قربانی

مسئلہ (۱۲۱): جولوگ امیر ومال دار ہیں، اُن کے لیے مناسب ہے کہ جہاں وہ اپنی طرف سے قربانی کریں، وہاں مرحوم رشتہ داروں، مثلاً: والدین، اولاد وغیرہ کی طرف سے بھی قربانی کریں، اُن کو ثواب پہنچ جائے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے، آپ کی ازواجِ مطہرات کی طرف سے، خلفائے راشدین، اور ائمہ مسلمین، اپنے پیر ومرشد اور اساتذہ کی طرف سے بھی قربانی کریں، تو اِن شاء اللہ تعالیٰ اُن کو ثواب پہنچ جائے گا۔ (۱)

بکری اور ہرن کے ملاپ سے پیدا شدہ بچہ کی قربانی

مسئلہ (۱۲۲): اگر کوئی بکرا یا بکری، ہرن اور بکری کے اختلاط سے پیدا ہوا ہے، تو اس کی قربانی درست ہے، یہ بچہ ماں کے حکم میں ہے، اور ماں چوں کہ بکری ہے، تو یہ بچہ بھی بکری ہے، اور بکری کی قربانی جائز ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قال في البدائع : لأن الموت لا يمنع التقرب عن الميت بدليل أنه يجوز أن يتصدق عنه ، ويحج عنه ، وقد صح أن رسول الله ﷺ ضحى بكبشين أحدهما عن نفسه والآخر عمن لم يذبح من أمته . (٦/٣٢٦)

(بدائع الصنائع : ٥/٧٢ ، فصل أما شرائط جواز إقامة الواجب)

(قربانی کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا: ص/۱۵۵، مال دار کے لیے نادر موقعہ)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : فإن كان متولدا من الوحشي والإنسي فالعبرة للأم ، =

دَواڈالنے سے سینگ نہ آنے والے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۲۳): بعض علاقوں میں جب بکری بچہ دیتی ہے، تو اس کے سینگ پر کچھ ایسی دوائی ڈالی جاتی ہے، کہ پھر دوبارہ اس بچہ کے سینگ نہیں اُگتے، تو ایسے جانور کی قربانی درست ہے، اس لیے کہ شروع ہی سے سینگ کا نہ آنا، یہ عیب نہیں ہے۔ (۱)

=حتى لو كانت البقرة وحشية والثور أهليا لم تجز ، وقيل : إذا نزا ظبي على شاة أهلية فإن ولدت شاة تجوز التضحية وإن ولدت ظبيا لا تجوز . (۲۹۷/۵ ، ط : رشيديه)

(بدائع الصنائع : ۲۹/۵ ، فصل أما محل إقامة الواجب ، ط : سعيد كراتشي)

(قربانی کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا: ص/۱۵۵، ماں کا اعتبار ہے)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ويضحى بالجماء ؛ هي التي لا قرن لها خلقة ، وكذا العظماء التي ذهب بعض قرنها بالكسر . (۴۶۷/۹ ، ط : زكريا ، و:۳۹۱/۹ ، ط : دار الكتاب ديوبند ، و :۳۲۳/۶ ، ط : كراچي)

(الفتاوى الهندية : ۲۹۷/۵ ، ط : احياء التراث بيروت و مكتبه زكريا)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۳۷۵۵۱)

بائیں ہاتھ سے جانور ذبح کرنا

مسئلہ (۱۲۴): بعض لوگ جانور کو ذبح کرتے وقت دائیں (سیدھے) ہاتھ کے بجائے، بائیں (اُلٹے) ہاتھ کا استعمال کرتے ہیں، تو کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ اُن سے ذبح کروانا درست نہیں، اس سے جانور مُردہ ہوجاتا ہے، اور ذبیحہ حلال نہیں ہوتا، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ اگر کوئی شخص ''بسم اللہ، اللہ اکبر'' کہہ کر، بائیں ہاتھ سے جانور ذبح کرے، تو ذبیحہ حلال ہوگا، مُردار نہ ہوگا، البتہ بغیر عذر کے بائیں ہاتھ سے ذبح کرنا مکروہِ تنزیہی وناپسندیدہ ہوگا، اور اگر کوئی عذر ہو، تو اب مکروہ وناپسندیدہ بھی نہ ہوگا۔ (۱)

تنبیہ: مذہبِ اسلام میں ہر اچھا کام دائیں ہاتھ سے کرنا مسنون ومستحب ہے، بلکہ یہ اسلام کی اہم ترین سنت ہے (۲)، لہٰذا اگر کسی کا دایاں ہاتھ ٹھیک ہے، یعنی شل وغیرہ نہیں ہے، تو اُسے چاہیے کہ ہر اچھا کام دائیں ہاتھ سے انجام دینے کی عادت ڈالیں، کچھ عرصہ کے بعد جب دائیں ہاتھ کے استعمال کی عادت ہوجائے گی، تو اس سے کام کرنے میں کوئی دقت ودُشواری اور تکلُّف نہ ہوگا، اور کام بھی اِن شاء اللہ اچھا ہوگا۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " قواعد الفقه " : قال السيد : العذر ما يتعذر عليه المعنى على موجب الشرع إلا يتحمل ضرر زائد . (ص/۳۷۵ ، التعريفات الفقهية ، العذر ، معجم المصطلحات والألفاظ الفقهية : ۲/۴۸۵ ، العُذر)=

واجب قربانی نہ کرسکا

مسئلہ (۱۲۵): اگر کسی شخص پر قربانی واجب تھی، لیکن وہ ایامِ قربانی میں کسی وجہ سے قربانی نہ کرسکا، تو اب اس کی تلافی کی صورت یہ ہے کہ: اگر جانور خریدنے کے بعد قربانی نہ کرسکا، تو اس کو اختیار ہے، چاہے تو زندہ جانور ہی کو صدقہ کردے، یا اس کی قیمت صدقہ کردے، لیکن اگر جانور نہیں خریدا تھا، تو ایک بکری یا بھیڑ کی قیمت ہی خیرات کرنا واجب ہے۔ (۱)

=(۲) ما في " سنن أبي داود " : عن عائشة قالت : " كانت يد رسول الله ﷺ اليُمنى لطهوره وطعامه ، وكانت يده اليُسرى لخلائه ، وما كان من أذى " .

(ص/۵ ، ط : مكتبه بلال ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يستحب تقديم اليمين على اليسار في كل ما هو من باب التكريم ، كالوضوء والغسل ، ويستحب تقديم اليسار على اليمين في كل ما كان من باب الإهانة والأذى . (۴۵/۲۹۲) (مستفاد از: فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۹۳۶۹)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المبسوط للسرخسي " : وأما بعد مضي أيام النحر فقد سقط معنى التقرب بإراقة الدم ، لأنها لا تكون قربة إلا في مكان مخصوص وهو الحرم ، وفي زمان مخصوص وهو أيام النحر . ولكن يلزمه التصدق بقيمة الأضحية إذا كان ممن تجب عليه الأضحية ، لأن تقربه في أيام النحر كان باعتبار المالية فيبقى بعد مضيها والتقرب بالمال في غير أيام النحر يكون بالتصدق ، ولأنه كان يتقرب بسببين : إراقة الدم والتصدق باللحم ، وقد عجز عن أحدهما ، وهو قادر على الآخر فيأتي بما يقدر عليه .

(۱۲/۱۸ ، باب الأضحية ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (ولو تركت التضحية ومضت أيامها تصدق بها حية ناذر) . (تنوير مع الدر) . وفي الشامية : قوله : (ولو تركت التضحية الخ) شروع في بيان=

قربانی برائے ایصالِ ثواب کا گوشت

مسئلہ (۱۲۶): اگر کسی شخص نے اپنی خوشی سے کسی مُردے کے ایصالِ ثواب کے لیے قربانی کرائی[۱]، تو جس طرح اپنی قربانی میں خود کھانا اور امیر وغریب ہر طرح کے رشتہ داروں کو تحفے میں دینا جائز ہے، اسی طرح اس میں بھی جائز ہے، لیکن اگر کوئی مرنے والا وصیت کر گیا ہو کہ میرے ترکہ میں، میری طرف سے قربانی کی جائے، اور اس کی وصیت پر اُسی کے مال سے قربانی کی گئی، تو اس قربانی کے پورے گوشت اور کھال وغیرہ کو، غرباء وفقراء میں خیرات کرنا ضروری ہے۔[۲]

= قضاء الأضحية إذا فاتت عن وقتها فإنها مضمونة بالقضاء في الجملة كما في البدائع ..... قوله : (تصدق بها حية) لوقوع اليأس عن التقرب بالإراقة ، وإن تصدق بقيمتها أجزأه أيضًا ؛ لأن الواجب هنا التصدق بعينها ، وهذا مثله فيما هو المقصود . اهـ . ذخيرة .

(۴۶۳/۹ ، كتاب الأضحية ، ط : بيروت ، الفتاوى الهندية : ۲۹۴/۵ – ۲۹۶)

(قربانی کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا: ص/۵۳، ۵۴)

(مستفاد بشکریہ: فقہی مسائل از ماہنامہ ارمغان ستمبر ۲۰۱۷ء، مفتی عاشق صدیقی ندوی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وإن مات أحد السبعة المشتركين في البدنة وقال الورثة : اذبحوا عنه وعنكم صحّ عن الكل استحساناً لقصد القرابة من الكل . (در مختار) . وفي الشامية : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (لقصد القرابة) قال في البدائع : لأن الموت لا يمنع التقرب عن الميت بدليل أنه يجوز أن يتصدق عنه ويحج عنه ، وقد صح أن رسول الله ﷺ ضحّى بكبشين ، أحدهما عن نفسه والآخر عمن لم يذبح من أمته ، وإن كان منهم من قد مات قبل أن يذبح ؛ لأنه له ولاية عليهم . (۴۷۱/۹ ، كتاب الأضحية ، بدائع الصنائع : ۳۰۷/۶ ، كتاب التضحية ، البحر الرائق : ۳۲۶/۸ ،=

جانور ذبح کیے بغیر اُس کا گوشت نکالنا

مسئلہ (۱۲۷): بعض لوگ دنبہ کو ذبح کیے بغیر اُس کی دُم کی طرف کا گوشت نکال کر کھا جاتے ہیں، جب کہ دنبہ کو ذبح کیے بغیر اُس کی دُم کی طرف کے گوشت کا لوتھڑا کھانا جائز نہیں، زندہ جانور کے جسم سے علیحدہ حصہ میتہ یعنی مُردار کے حکم میں ہے، جس طرح میتہ (مُردار) کا کھانا جائز نہیں، اسی طرح زندہ جانور کے جسم سے علیحدہ کسی حصہ کا کھانا بھی جائز نہیں ہے[۱]، مسلمانوں کو اس طریقہ سے بچنا چاہیے، کہ اس میں جانور کو تکلیف دینا بھی لازم آتا ہے۔[۲]

= مجمع الأنهر : ۴/۱۷۳ ، كتاب الأضحية ، هدايه : ۴/۴۴۹ ، كتاب الأضحية)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : والوصية المطلقة ..... لا تحل لغني ؛ لأنها صدقة ، وهي على الغني حرام . (۱۰/۳۳۶ ، قبيل باب الوصية) (مستفاد بشکریہ: عید الاضحیٰ چند ضروری احکام ومسائل، از ماہنامہ پیامِ عرفات رائے بریلی، ستمبر ۲۰۱۷ء: ص/۱۷، بعنوان: متفرق مسائل)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما أهل لغير اللّٰه به والمنخنقة والموقوذة والمتردية﴾ . (سورة المائدة :۳) وقوله تعالى : ﴿ويحل لهم الطيبات ويحرم عليهم الخبائث﴾ . (سورة الأعراف : ۱۵۷)

ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : قوله عليه السلام : " الذكاة في الحلق واللبة " .

(۹/۴۶۷ ، رقم : ۱۹۱۲۳)

(۲) ما في " سنن أبي داود " : قوله عليه السلام : " إن اللّٰه كتب الإحسان على كل شيء ، فإذا قتلتم فأحسنوا القتلة ، وإذا ذبحتم فأحسنوا الذبح " .

(ص/۳۸۹ ، باب الذبح من الرفق)

(مستفاد از: فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۶۳۰۳۹)

گود لیے ہوئے بچے کا عقیقہ

مسئلہ (۱۲۸): بچوں کا عقیقہ کرنا مستحب ہے، اور عقیقہ کے اخراجات باپ کے ذمہ ہیں[۱]، اس لیے کہ عقیقہ کی مشروعیت کی حکمت؛ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دی گئی حسین نعمت پر خوشی کا اِظہار، اور نسب کا اِعلان ہے[۲]، لیکن اگر کسی شخص نے کسی بچہ کو گود لیا ہو، اور اس کا عقیقہ کرنا چاہے، تو اس پر واجب ولازم تو نہیں ہے، لیکن اگر اپنی خوشی سے اُس گود لیے ہوئے بچے کا عقیقہ کردے، تو عقیقہ درست ہوجائے گا۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " إعلاء السنن " : قال رسول الله ﷺ : " من ولد له غلام فليعق عنه عن الإبل أو البقر أو الغنم " .

(۱۷/۱۲۸ ، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ، رقم : ۵۵۱۴ ، ط : بيروت)

وما في " إعلاء السنن " : عن عائشة – رضي الله عنها – قالت : " عقّ رسول الله ﷺ عن الحسن والحسين يوم السّابع " . الخ .

(۱۷/۱۱۵ ، باب العقيقة ، تحت رقم : ۵۵۱۳ ، ط : بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وعند الحنفية تباح العقيقة في سابع الولادة بعد التسمية والحلق والتصدق . وقيل : يعق تطوعا بنية الشكر لله تعالى .

(۳۰/۲۷۷ ، عقيقة ، الحكم التكليفي)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : شرعت العقيقة لما فيها من إظهار للبِشر والنعمة ونشر النسب . (۳۰/۲۷۷ ، عقيقة ، حكمة مشروعية العقيقة)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۹۶۸۴)

عقیقہ کیے بغیر نکاح

مسئلہ (۱۲۹): بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ بغیر عقیقہ کیے، نکاح صحیح نہیں ہوتا، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ نکاح کے صحیح ہونے کے لیے گواہوں کا ہونا شرط ہے، عقیقہ کا ہونا ضروری نہیں، بلکہ بغیر عقیقہ کے بھی نکاح جائز و درست ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : قوله : (عند حرين أو حر وحرتين عاقلين بالغين مسلمين ...) متعلق بـ " ينعقد " بيان للشرط الخاص به وهو الإشهاد فلم يصح بغير شهود لحديث الترمذي : " البغايا اللاتي ينكحن أنفسهن من غير بينة " . ولما رواه محمد بن الحسن مرفوعاً : " لا نكاح إلا بشهود " . فكان شرطاً . (۳/۱۵۵ ، كتاب النكاح ، بيروت)

ما في " منهاج المسلم لأبي بكر الجزائري " : المراد بالشاهدين : أن يحضر العقد اثنان فأكثر من الرجال العدول المسلمين لقوله تعالى : ﴿وأشهدوا ذوَى عدل منكم﴾ [الطلاق :۲] . وقول الرسول ﷺ : " لا نكاح إلا بولي وشاهدَي عدل " .

(ص/۳۳۹ ، الباب الخامس في المعاملات ، الفصل السادس في النكاح والطلاق الخ)

(رد المحتار :۴/۷۴ ، كتاب النكاح)

(جامع الترمذي : ۱/۲۱۰ ، كتاب النكاح ، باب ما جاء في لا نكاح إلا ببينة)

(محقق ومدلل جدید مسائل:۲/۱۷۴، مسئلہ نمبر:۱۲۳، نکاح میں گواہ)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۳۹۸۴)

بڑے جانور میں عقیقہ کے کتنے حصے ہو سکتے ہیں؟

مسئلہ (۱۳۰): بڑے جانور، مثلاً: اُونٹ، گائے، بھینس سات بکروں کے برابر ہوتے ہیں[۱]، اگر کوئی شخص بڑے جانور میں سات بچوں کا عقیقہ کرنا چاہے، تو کرسکتا ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ وُسعت کی صورت میں لڑکے کی طرف سے دو حصے، اور لڑکی کی طرف سے ایک حصہ رکھا جائے۔ اسی طرح لڑکے کی طرف سے دو بکرے، اور لڑکی کی طرف سے ایک بکرا، یا پھر دونوں کی طرف سے ایک ایک بکرا، یا دونوں کی طرف سے ایک ایک بکری بھی کافی ہو جائے گی۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " إعلاء السنن " : قال رسول الله ﷺ : " من ولد له غلام فليعق عنه عن الإبل أو البقر أو الغنم " . (۱۲۸/۱۷ ، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ، رقم : ۵۵۱۴ ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) ما في " جامع الترمذي " : حدثنا يحي بن خلف البصري حدثنا بِشر بن المفضل أخبرنا عبد الله بن عثمان بن خثيم عن يوسف بن ماهَكَ أنهم دخلوا على حفصة بنت عبد الرحمن ، فسألوها عن العقيقة فأخبرتهم أن عائشة أخبرتها أن رسول الله ﷺ أمرهم عن الغلام شاتان مكافئتان ، وعن الجارية شاة ..... قال أبو عيسى : حديث عائشة حديث حسن صحيح . (۹۷/۴ ، رقم : ۱۵۱۳ ، العقيقة ، ط : دار إحياء التراث العربي بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وذهب الشافعية والحنابلة إلى أنه يستحب أن يعق عن الذكر بشاتين متماثلين وعن الأنثى بشاة لحديث عائشة رضي الله عنها " أن رسول الله ﷺ أمرهم عن الغلام شاتان مكافئتان ، وعن الجارية بشاة " . ويجوز العق عن الذكر بشاة واحدة لحديث ابن عباس رضي الله عنهما : " أن النبي ﷺ عق عن الحسن والحسين رضي الله عنهما كبشا كبشا " . وذهب الحنفية والمالكية إلى أنه يعق عن الغلام والجارية شاة=

عقیقہ کے جانور کے دودھ کا استعمال

مسئلہ (۱۳۱): عقیقہ واجب نہیں، مسنون یا مستحب ہے[۱]، لہٰذا اگر کسی شخص نے عقیقہ کے لیے بکری خریدی، یا گھر کی پالتو بکری میں عقیقہ کی نیت کرلی، تو اس سے جانور عقیقہ کے لیے لازم و متعین نہیں ہوجاتا، پس اس بکری کا دودھ استعمال کرنا، اور جس بچے کا عقیقہ ہے اس کا، اس بکری کا دودھ پینا، ناجائز نہیں، تاہم اَولیٰ یہ ہے کہ دودھ استعمال نہ کرے، بلکہ کسی غریب کو صدقہ کردے۔[۲]

= شاة ، وكان ابن عمر رضي الله تعالى عنهما يفعله .

(۲۷۹/۳۰ ، ۲۸۰ ، عقيقة ، ما يجزئ في العقيقة)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۹۹۱۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب الشافعية والحنابلة في الصحيح المشهور عندهم إلى أن العقيقة سنة مؤكدة . وعند الحنفية تباح العقيقة في سابع الولادة بعد التسمية والحلق والتصدق . وقيل : يعق تطوعا بنية الشكر لله تعالى . وذهب المالكية إلى أنها مندوبة . والمندوب عندهم أقل من المسنون . (۲۷۶/۳۰ ، ۲۷۷ ، عقيقة ، الحكم التكليفي)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : لو اشترى شاة للأضحية يكره أن يحلبها أو يجز صوفها فينتفع به ؛ لأنه عينها للقربة ، فلا يحل له الانتفاع بجزء من أجزائها قبل إقامة القربة بها ..... ولو حلب اللبن من الأضحية قبل الذبح أو جز صوفها يتصدق به ولا ينتفع به ، كذا في الظهيرية . (۳۰۰/۵–۳۰۱ ، كتاب الأضحية ، الباب السادس)

(بدائع الصنائع : ۲۱۹/۴ ، كتاب التضحية ، ما يستحب قبل التضحية)

(الفتاوى البزازية على هامش الهندية :۲۹۴/۶ ، السادس في الانتفاع)

ما في " البحر الرائق " : ويكره بيع لبنها ..... ولو اكتسب مالاً من لبنها يتصدق بمثل=

عقیقہ کیا اور کیوں؟

مسئلہ (۱۳۲): اللہ پاک جب کسی کو بچے کی نعمت سے نوازتے ہیں، تو ولادت کے ساتویں دن، یا چودہویں یا اکیسویں دن، اور اگر اِن دِنوں میں نہ ہوسکے، تو عمر بھر میں جب بھی موقع میسر آئے، ساتویں دِن کی رعایت کے ساتھ، بچے کی طرف سے، اللہ کے نام جانور ذبح کرنے کا نام شریعت میں ''عقیقہ'' ہے[۱]، عقیقہ سنت ہے، اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے نواسوں؛ حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی طرف سے عقیقہ فرمایا تھا[۲]، ایک حدیث میں ہے کہ ''عقیقہ'' کی برکت سے بچہ کے اُوپر سے بلائیں ٹلتی ہیں، اگر لڑکا پیدا ہو، تو دو بکرے ذبح کرنا، یا بڑے جانور میں دو حصے رکھنا، اور لڑکی پیدا ہو، تو ایک بکرا ذبح کرنا، یا بڑے جانور میں ایک حصہ رکھنا مستحب ہے۔[۳]

=ذلک . (۳۲۷/۸، كتاب الأضحية)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ويكره الانتفاع بلبنها) . (در مختار) . وفي الشامية : قال الشامي رحمه الله : فإن كانت التضحية قريبة تصنع ضرعها بالماء البارد وإلا حلبه وتصدق به ، كما في الكفاية . (۳۹۹/۹، كتاب الأضحية)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۴۶۸۱۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " إعلاء السنن " : عن بريدة : أن النبي ﷺ قال : " العقيقة لسبع أو أربع عشرة أو إحدى وعشرين " . رواه الطبراني في الصغير والأوسط .

(۱۳۱/۱۷، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=(۲) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عباس : " أن رسول الله ﷺ عقَّ عن الحسن والحسين كبشًا كبشًا " . (۳۹۲/۲ ، باب العقيقة ، ط : دار السلام سهارنفور ، رقم : ۲۸۴۱ ، بذل المجهود : ۶۱۳/۹ ، ط : دار البشائر الإسلامية)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وذهب الشافعية والحنابلة إلى أنه يستحب أن يعق عن الذكر بشاتين متماثلين وعن الأنثى بشاة لحديث عائشة رضي الله عنها " أن رسول الله ﷺ أمرهم عن الغلام شاتان مكافئتان ، وعن الجارية بشاة " . ويجوز العق عن الذكر بشاة واحدة لحديث ابن عباس رضي الله عنهما : " أن النبي ﷺ عق عن الحسن والحسين رضي الله عنهما كبشا كبشا " . وذهب الحنفية والمالكية إلى أنه يعق عن الغلام والجارية شاة شاة، وكان ابن عمر رضي الله تعالى عنهما يفعله .

(۲۷۹/۳۰ ، ۲۸۰ ، عقيقة ، ما يجزئ في العقيقة)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : وذهب الشافعية والحنابلة إلى أنه يستحب أن يعق عن الذكر بشاتين متماثلين وعن الأنثى بشاة لحديث عائشة رضي الله عنها " أن رسول الله ﷺ أمرهم عن الغلام شاتان مكافئتان ، وعن الجارية بشاة " . ويجوز العق عن الذكر بشاة واحدة لحديث ابن عباس رضي الله عنهما : " أن النبي ﷺ عق عن الحسن والحسين رضي الله عنهما كبشا كبشا " . وذهب الحنفية والمالكية إلى أنه يعق عن الغلام والجارية شاة شاة، وكان ابن عمر رضي الله تعالى عنهما يفعله .

(۲۷۹/۳۰ ، ۲۸۰ ، عقيقة ، ما يجزئ في العقيقة)

(مستفاد از: فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۵۳۳۶۷)

عقیقہ کا کوئی خاص طریقہ نہیں!

مسئلہ (۱۳۳): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ عقیقہ کا کوئی خاص طریقہ ہوتا ہے، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح یہ ہے کہ عقیقہ کا کوئی خاص طریقہ نہیں ہے، جس طرح بطورِ قربانی جانور ذبح کیا جاتا ہے، اسی طرح عقیقہ میں بھی ذبح کیا جائیگا، اور عقیقہ میں بھی اُنہیں جانوروں کو ذبح کرنا درست ہے، جنہیں قربانی میں ذبح کرنا درست ہے، یعنی اُونٹ، گائے، بھینس، بکرا بکری، بھیڑ اور دنبہ۔ (۱)

عقیقہ کا بہترین وقت

مسئلہ (۱۳۴): عقیقہ کا سب سے اچھا وقت پیدائش سے ساتویں دن ہے، پھر چودہویں دن، پھر اکیسویں دن، اگر اِن دِنوں میں عقیقہ نہ کر سکے، تو عمر بھر میں کسی بھی دن میں عقیقہ کیا جاسکتا ہے، البتہ بہتر ہے کہ جب بھی عقیقہ کیا جائے، پیدائش سے ساتویں دِن کا لحاظ کیا جائے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن عمرو بن شعيب ، عن أبيه ، عن جده : " أن النبي ﷺ أمر بتسمية المولود يوم سابعه ووَضْعِ الأذى عنه والعَقَّ " . هذا حديث حسنٌ غريبٌ .

(۲/۱۱۰ ، أبواب الآداب ، باب ما جاء في تعجيل اسم المولود ، قديمي)

ما في " إعلاء السنن " : قال رسول الله ﷺ : " من ولد له غلام فليعق عنه عن الإبل أو البقر أو الغنم " . (۱۷/۱۲۸ ، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ، رقم : ۵۵۱۴ ، ط : دار الكتب العلمية بيروت) (مستفاد از: فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۵۳۳۶۷)

الحجة على ما قلنا : =

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=(۱) ما في " إعلاء السنن " : انها إن لم تذبح في السّابع ذبحت في الرابع عشر ، وإلا ففي الحادي والعشرين ، ثم هكذا في الأسابيع .

(۱۳۱/۱۷ ، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ، رقم : ۵۵۱۴)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وعند الحنفية تباح العقيقة في سابع الولادة بعد التسمية والحلق والتصدق . وقيل : يعق تطوعا بنية الشكر لله تعالى . وذهب المالكية إلى أنها مندوبة . والمندوب عندهم أقل من المسنون . (۲۷۷/۳۰ ، عقيقة ، الحكم التكليفي)

ما في " فتح الباري " : فنقل الرافعي أنه يدخل وقتها بالولادة ، قال : وذكر السابع في الخبر بمعنى أن لا تؤخر ، ثم قال : والاختيار أن لا تؤخر عن البلوغ ، فإن أخرت عن البلوغ سقطت عمن كان يريد أن يعق عنه ، لكن إن أراد أن يعق عن نفسه فعل .

(۵۹۶/۹ ، باب إماطة الأذى عن الصبي في العقيقة)

ما في " فيض الباري " : إن الغلام إذا لم يعق عنه ، فمات لم يشفع لوالديه ، ثم ان الترمذي أجاز بها إلى يوم إحدى وعشرين ، قلت : بل يجوز إلى أن يموت لما رأيت في بعض الروايات ، أن النبي ﷺ عقّ عن نفسه بنفسه .

(۳۳۷/۴ ، كتاب العقيقة ، ط : أشرفي ، و : ۶۴۸/۵)

(مستفاد از : فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۵۳۳۶۷)

عقیقہ میں دعوت اور لین دین کی رسم

مسئلہ (۱۳۵): ہمارے ملک میں بچہ کے عقیقہ کے موقع پر ایک رسم چل پڑی ہے کہ جب بچہ کا عقیقہ کرتے ہیں، تو کافی سارے رشتہ داروں کو دعوت دی جاتی ہے، خاص طور پر بچہ کے ننہیال والوں کو بلایا جاتا ہے، اور اُن سے بھات کے نام سے زیادہ سے زیادہ روپئے لیے جاتے ہیں، ساتھ میں لوگ بچہ اور اس کے والدین و بھائی بہنوں کو کپڑے بھی دیئے جاتے ہیں، تو عقیقہ میں جو کچھ بھات کے نام سے لین دین ہوتا ہے، یہ کوئی اسلامی و شرعی طریقہ نہیں ہے، یہ محض ایک رسم ہے، جہاں تک ممکن ہو اِن رُسوم سے بچنا چاہیے [۱]، اصل عقیقہ تو یہ ہے کہ جانور کو ذبح کر کے اُس کا گوشت رشتہ داروں میں، اور کچھ غریبوں میں تقسیم کر دیا جائے، اور کچھ اپنے گھر والوں کے لیے رکھ لیا جائے، یا جی چاہے تو غریبوں اور رشتہ داروں کی دعوت بھی کرائی جاسکتی ہے۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۱/۳۷۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا – الخ ، رقم : ۲۶۹۷ ، صحيح مسلم : ۲/۷۷ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود : ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم : ۴۶۲۲ ، سنن ابن ماجة :ص/۱۳ ، مشكوة : ص/۲۷ ، كتاب الإيمان ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .

(۱۳/۳۳ ، رقم : ۴۶۲۲)=

قرض لے کر عقیقہ کرنا

مسئلہ(۱۳۶): بعض لوگ قرض لے کر اپنے بچوں کا عقیقہ کرتے ہیں، اُنہیں یاد رکھنا چاہیے کہ عقیقہ کرنا مستحب ہے، کوئی فرض وواجب درجہ کا عمل نہیں کہ اس کے لیے قرض لینا ضروری ہو، اسی طرح عقیقہ فوراً کرنا بھی ضروری نہیں، بلکہ تاخیر سے بھی کیا جاسکتا ہے، پس مؤخر کردیں، تو بھی ٹھیک ہے[۱]، اور اگر قرض ملنے میں دُشواری نہ ہو، اور ادائیگی میں بھی پریشانی کا اندیشہ نہ ہو، تو قرض لے کر بھی کرسکتے ہیں، جائز ہے۔[۲]

=ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيماً .

(۲۵۶/۲ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن جابر بن عبد الله : " أن رسول الله ﷺ لما قدم المدينة نحر جزورًا أو بقرةً " . (۴۳۴/۱)

ما في " أحسن الفتاوى " : وبهذا الحديث خرج العلماء هذه الضابطة أن الدعوة شرعت في السرور لا في الشرور . (۳۵۴/۱)

(مستفاد از: فتاویٰ دار العلوم دیوبند اون لائن، رقم الفتویٰ:۳۰۵۱۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿لا يكلف الله نفسًا إلا وسعها﴾ . (سورة البقرة : ۲۸۶)

ما في " بدائع الصنائع " : العاجز عن الفعل لا يكلف به ؛ ..... لأنه يتضرر به وفيه أيضًا حرج . (۲۸۴/۱ ، فصل في أركان الصلاة)=

نومولود کی تحنیک اور حلق

مسئلہ (۱۳۷): ولادت کے دن، یا ساتویں دن؛ عقیقہ کے ساتھ یہ بھی مسنون یا مستحب ہے کہ اس دن بچے کا کوئی مناسب اسلامی نام رکھا جائے(۱)، اس کی تحنیک کرائی جائے(۲)، اور اس کے سر کے بال صاف کیے جائیں، اور اُن بالوں کے وزن کے برابر سونا یا چاندی خیرات کی جائے۔(۳)

فائدہ: ''لغت میں تحنیک کا معنی ہے؛ کھجور کو باریک کرکے بچہ کے منہ کے اندر تالُو پر مَلنا۔ اگر پکی کھجور میسر نہ ہو، تو تر کھجور سے، ورنہ کسی بھی میٹھی چیز سے تحنیک کی جاسکتی ہے، نیز میٹھی چیزوں میں شہد سب سے زیادہ بہتر ہے۔(۴)

=(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين آمنوا إذا تداينتم بدين إلى أجل مسمى فاكتبوه﴾ . (سورة التوبة : ۲۸۲)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لا خلاف بين الفقهاء في أن الأصل في القرض في حق المقرض أنه قربة من القرب ، لما فيه من إيصال النفع للمقترض ، وقضاء حاجته ، وتفريج كربته ، وأن حكمه من حيث ذاته الندب ، لما روى أبو هريرة رضي الله تعالى عنه عن النبي ﷺ أنه قال : " من نفّس عن مؤمن كربة من كرب الدنيا ، نفس الله عنه كربة من كرب يوم القيامة ، ومن يسر على معسر يسر الله عليه في الدنيا والآخرة ، ومن ستر مسلما ستره الله في الدنيا والآخرة ، والله في عون العبد ما كان العبد في عون أخيه " ..... أما في حق المقترض ، فالأصل فيه الإباحة ، وذلك لمن علم من نفسه الوفاء ، بأن كان له مال مرتجى ، وعزم على الوفاء منه ، وإلا لم يجز ، ما لم يكن مضطرا . اهـ . (۱۱۳/۳۳ ، قرض ، الحكم التكليفي للقرض) (مستفاد از: فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۴۰۴۳۷)

الحجة على ما قلنا :=

.....

.....

=(۱) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي موسى قال : " وُلد لي غلامٌ فأتيتُ به النبي ﷺ فسمّاه ابراهيم وحنّكه بتمرة " . (۲۰۹/۲ ، كتاب الآداب ، باب استحباب تحنيک المولود عند ولادته وحمله إلى صالح يحنكه وجواز التسمية يوم ولادته الخ ، ط : قديمي)

ما في " شرح النووي على هامش مسلم " : وفيه جواز التسمية يوم الولادة . (۲۰۹/۲)

ما في " جامع الترمذي " : عن عمرو بن شعيب ، عن أبيه ، عن جده : " أن النبي ﷺ أمر بتسمية المولود يوم سابعه ووَضْعِ الأذى عنه والعَقّ " . هذا حديث حسنٌ غريبٌ .

(۱۱۰/۲ ، أبواب الآداب ، باب ما جاء في تعجيل اسم المولود ، قديمي)

(۲) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي موسى قال : " وُلد لي غلامٌ فأتيتُ به النبي ﷺ فسمّاه ابراهيم وحنّكه بتمرة " . (۲۰۹/۲ ، كتاب الآداب ، باب استحباب تحنيک المولود عند ولادته وحمله إلى صالح يحنكه وجواز التسمية يوم ولادته الخ ، ط : قديمي)

ما في " الموسوعة الفقهية " : التحنيک مستحب للمولود ، لما في الصحيحن من حديث أبي بردة عن أبي موسى رضي اللّٰه عنهما قال : " ولد لي غلام فأتيت النبي ﷺ فسماه إبراهيم وحنكه بتمرة " . (۲۷۶/۱۰ ، ۲۷۷ ، تحنيک المولود ، حكمه التكليفي)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب الجمهور (المالكية والشافعية والحنابلة) إلى استحباب حلق شعر رأس المولود يوم السابع ، والتصدق بزنة شعره ذهبا أو فضة عند المالكية والشافعية ، وفضة عند الحنابلة ، وإن لم يحلق تحرى وتصدق به ، ويكون الحلق بعد ذبح العقيقة . كما ورد " أن النبي ﷺ قال لفاطمة لما ولدت الحسن : احلقي رأسه وتصدقي بزنة شعره فضة على المساكين والأوفاض " . وذهب الحنفية إلى أن حلق شعر المولود مباح ، ليس بسنة ولا واجب . (۱۰۷/۲۶ ، شعر ، حلق شعر المولود)

(۴) ما في " الموسوعة الفقهية " : من معاني التحنيک في اللغة : أن يُدلّک بالتمر حنک الصبي من داخل فيه ، بعد أن يلين ..... ويُحنک المولود بتمر ..... فإن لم يتيسّر تمر فرطب ، وإلا فشيء حلو ، وعسل نحل أولى من غيره . (۲۷۶/۱۰ ، ۲۷۷ ، تحنيک)

(مستفاد از: فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۵۳۳۶۷)

ختنہ کے لیے عمر کی تعیین وتحدید

مسئلہ (۱۳۸): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ بچوں کی ختنہ کے لیے ایک خاص عمر متعین ہوتی ہے، اس عمر کو پہنچ جانے کے بعد ہی ختنہ کی جاسکتی ہے، اس سے پہلے نہیں، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ ختنہ کے لیے کسی خاص عمر کی تعیین وتحدید شریعت میں نہیں کی گئی، بس جب بچہ اس کا متحمل ہوجائے، ختنہ کردینی چاہیے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مجمع الأنهر " : (ووقت الختان غير معلوم) عند الإمام ، فإنه قال : لا علم لي بوقته ، ولم يرو عنهما فيه شيء ، (وقيل سبع سنين) .... وقيل أقصاه اثني عشرة سنة ، وقيل تسع سنين ، وقيل وقته عشر سنين ..... وقيل إن كان قوياً يطيق ألم الختان ختن وإلا فلا ، وهو أشبه بالفقه .

(۴/۴۹۰، ۴۹۱ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (ووقته) غير معلوم ، وقيل (سبع) سنين. كذا في الملتقى. وقيل عشر، وقيل أقصاه اثنتا عشرة سنة ، وقيل العبرة بطاقته ، وهو الأشبه ، وقال أبوحنيفة : لا علم لي بوقته ، ولم يرد عنهما فيه شيء ، فلذا اختلف المشايخ فيه . (۱۰/۴۸۰ ، ۴۸۱ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى ، ط : بيروت ، كذا في البحر الرائق : ۹/۳۵۹ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى ، الفتاوى الهندية : ۶/۴۴۵ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى)

ما في " الموسوعة الفقهية " : والأشبه عند الحنفية أن العبرة بطاقة الصبي إذ لا تقدير فيه ، فيترك تقديره إلى الرأي ، وفي قول : إنه إذا بلغ العاشرة لزيادة الأمر بالصلاة إذا بلغها .

(۱۹/۲۹ ، ختان ، وقت الختان)

(مستفاد از: فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۵۳۳۶۷۔ المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ: یعنی اہم مسائل جن میں ابتلائے عام ہے: ۵/۲۸۶، مسئلہ نمبر: ۲۰۸، ختنہ کس وقت کی جائے؟)

کتاب النکاح

نکاح کے احکام ومسائل

Surrgate (قائم مقام ماں) سے پیدا شدہ بچہ سے شادی

مسئلہ (۱۳۹): کسی مرد کا مادّۂ منویہ بجائے بیوی کے کسی اجنبیہ عورت کے رحم کو کرایہ پر لے کر، بذریعہ انجکشن اس میں پہنچانا، اور اس سے بچہ حاصل کرنا، عقلِ سلیم وفہمِ صحیح کے نزدیک انتہائی فحش وگھناؤنا عمل ہے، شرعاً اس کی اجازت نہیں ہے[۱]، کیوں کہ یہ زنا وبدکاری سے بھی بڑھا ہوا ہے[۲]، اس عمل سے جو بچہ پیدا ہوگا، اگر عورت غیر شادی شدہ ہے، تو اسی کی طرف منسوب ہوگا، اور اسے منسوب الیٰ اُمہ کہا جائے گا، صحیح النسب نہیں ہوگا[۳]، اور اگر عورت شادی شدہ ہے، تو بچہ کا نسب اس کے شوہر سے ثابت ہوگا، نہ کہ اس اجنبی مرد سے جس کا مادّہ لیا گیا، اور یہ بچہ صحیح النسب کہلائے گا۔[۴] رہی یہ بات کہ اگر یہ بچہ لڑکی ہے، تو کیا وہ مرد اس سے شادی کرسکتا ہے، جس کا مادہ لیا گیا تھا، تو جواباً عرض ہے کہ: نہیں کرسکتا، کیوں کہ زانی مرد پر اپنی مزنیہ (جس کے ساتھ زنا کیا گیا) کے اصول وفروع؛ یعنی ماں، بیٹی وغیرہ۔ اسی طرح مزنیہ پر اپنے زانی کے اصول وفروع؛ باپ، بیٹا وغیرہ حرام ہوتے ہیں، اسی طرح اس مرد پر جس کا مادۂ منویہ لیا گیا بوجہ جزئیت یہ بچی حرام ہوگی۔[۵]

.....

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " النتف في الفتاوى للسغدي " : الإجاره الفاسدة على أحد عشر وجهًا ؛ أحدها الإجارة على المعاصي ولا أجرة على المعاصي لا المسماة ولا المثل .

(ص/٣٤٨ ، الدر المختار مع الشامية : ٦٤/٩)

وما في " الهداية " : لا يجوز الاستئجار على الغناء والنوح وكذا سائر الملاهي ؛ لأنه استئجار على المعصية والمعصية لا تستحق بالعقد . (٣٠٢/٣)

ما في " حاشية الهداية " : قوله : لا تستحق بالعقد ؛ لأن عقد الإجارة يستحق به تسليم المعقود عليه شرعًا ، ولا يجوز أن يستحق على المرء شيء يكون به عاصيًا شرعًا كيلا يصير المعصية مضافة إلى الشرع . (٣٠٢/٣)

(٢) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : ويحرم الاستمناء لقوله عز وجل ﴿والذين هم لفروجهم حافظونO إلا على أزواجهم أو ما ملكت أيمانهم فإنهم غير ملومين﴾ . (سورة المؤمنون :٦٠٥) ؛ ولأنها مباشرة تفضي إلى قطع النسل فإن فعل عزر ولم يحد لأنها مباشرة محرمة من غير إيلاج فأشبهت مباشرة الأجنبية في ما دون الفرج . (٥٣٤٨/٧)

ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : لا يحل الاستمناء بالكف ذكر المشايخ فيه أنه عليه الصلاة والسلام قال : " ناكح اليد ملعون " . فإن غلبته الشهوة ففعل إرادة تسكينها به فالرجاء أن لا يعاقب . (٣٣٤/٢ ، كتاب الصوم ، باب ما يوجب القضاء والكفارة ، الدر المختار مع الشامية : ٣٣٢/٣ ، كتاب الصوم ، مطلب الاستمناء بالكف)

ما في " جامع الترمذي " : " من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يسق ماءه ولد غيره " .

(٢١٤/١ ، كتاب النكاح ، السنن الكبرى للبيهقي : ١٠٥/٩ ، رقم : ١٨٠١١)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لا يجوز النظر إلى فرج المرأة إلا إذا كان لا يتوصل إلى معرفة ذلك إلا برؤيته بنفسه أما لو كان الطبيب يكتفي برؤية النساء لفرج المريضة فلا يجوز له النظر إليه . (١٣٧/١٢)

(٣) ما في " البحر الرائق " : (ويرث ولد الزنا واللعان من جهة الأم فقط) ؛ لأن نسبه من جهة الأب منقطع ، فلا يرث به ، ومن جهة الأم ثابت فيرث به أمه وأخته من الأم بالفرض=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= لا غير . اهـ . (۳۹۱/۹ ، كتاب الفرائض ، ط : دار الكتاب ديوبند)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ان امهاتهم الا اللّٰائي ولدنهم﴾ . (سورة المجادلة : ۲)

ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي اللّٰه عنها قالت : ..... قال رسول اللّٰه ﷺ : " الولد للفراش وللعاهر الحجر " . (۲۷۶/۱ ، رقم : ۲۰۰۷ ، كتاب البيوع ، باب تفسير المشتبهات ، صحيح مسلم : ۴۷۱/۱ ، رقم : ۱۴۵۷ ، سنن الترمذي : ۲۱۹/۱ ، مرقاة المفاتيح : ۳۱۴/۶ ، باب اللعان ، الفصل الأول ، ط : المكتبة الأشرفية ديوبند)

ما في " أوجز المسالك " : الولد لصاحب الفراش لا ينتفي عنه أبدًا ..... ولا بوجه من الوجوه إلا باللعان . (۷۵/۱۴ ، رقم : ۱۴۴۵ ، كتاب الأقضية ، ط : دار القلم دمشق)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية " : عالج جاريته فيما دون الفرج فأخذت ماءه وجعلته في فرجها وعلقت منه ، صارت أم ولد . (۳۵۹/۵ ، ط : زكريا)

ما في " رد المحتار " : ويحتاط في إثبات النسب ما أمكن . (۱۴۲/۴ ، ط : زكريا)

(۵) ما في " حاشية ابن عابدين " : وفي التجنيس : زنى بامرأة فولدت فأرضعت بهذا اللبن صبيةً لا يجوز لهذا الزاني تزوجها ولا لأصوله وفروعه ، ولعم الزاني التزوج بها كما لو كانت ولدت له من الزنا ، والحال مثله ؛ لأنه لم يثبت نسبها من الزاني حتى يظهر فيها حكم القرابة ، والتحريم على أبي الزاني وأولاده وأولادهم لاعتبار الجزئية ، ولاجزئية بينها وبين العم ، وإذا ثبت ذلك في المتولدة من الزنا فكذا في المرضعة بلبن الزنا . اهـ .

(۱۰۶/۸ ، كتاب النكاح ، فصل في المحرمات ، ط : دار الثقافة والتراث دمشق – سورية)

(نظام الفتاویٰ:۱/۳۳۹ بنتخبات نظام الفتاویٰ:۳/۳۱۰)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ:۲/۱۸۰،مسئلہ نمبر:۱۵۸،رحم مادر کو کرایہ پر دینے کا حکم شرعی)

شادی کے بعد ہنی مون

مسئلہ (۱۴۰): آج کل ماڈرن مسلمانوں میں مغربی تہذیب کے جہاں بہت سے اثرات جنم لے رہے ہیں، انہی میں سے ایک اثر شادی کے بعد ''ہنی مون'' منانا ہے، یعنی شادی کے بعد میاں بیوی اندرونِ ملک یا بیرونِ ملک ''ہنی مون'' کے نام سے سیر وتفریح کے لیے نکل جاتے ہیں، جب کہ اسلام اس عمل کی اجازت نہیں دیتا، یہ ایک لغو اور بے مقصد عمل ہے، اور شریعتِ اسلامیہ مسلمانوں کو بامقصد چیزوں کی اجازت دیتی ہے، بے مقصد کاموں کی اجازت نہیں دیتی، کیوں کہ اس میں تضییعِ اوقات (وقتوں کو فضول ضائع کرنا)، مال میں اسراف وفضول خرچی کرنا[۱]، اور غیروں کی مشابہت اختیار کرنا لازم آتا ہے[۲]، اور یہ تمام کام شرعاً وعقلاً ممنوع ہیں۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وكلوا واشربوا ولا تسرفوا إنه لا يحبّ المسرفين﴾ .

(سورة الأعراف : ۳۱)

ما في " أحكام القرآن لإبن العربي " : الإسراف تعدي الحدّ ، فنهاهم عن تعدّي الحلال إلى الحرام ، وقيل : ألا يزيدوا على قدر الحاجة . (۲/ ۷۸۱)

ما في " صحيح البخاري " : وعن المغيرة بن شعبة قال : قال النبي ﷺ : " إن الله حرّم عليكم عقوق الأمهات ، ووأد البنات ، ومنعاً وهات ، وكره لكم قيل وقال ، وكثرة السؤال ، وإضاعة المال " . (۱/ ۳۲۴ ، كتاب في الاستقراض وأداء الديون والحجر الخ ، باب ما ينهى عن إضاعة المال)

(الآداب للبيهقي :ص/ ۴۰ ، رقم : ۱۰۵ ، باب في كراهية إضاعة المال ، ط : بيروت) =

.....

=ما في " فتح الباري " : قوله : (وإضاعة المال) وقد قال الجمهور : إن المراد به السرف في إنفاقه . (٨٦/٥)

ما في " الألعاب الرياضية " : يقول الدكتور يوسف القرضاوي حفظه الله : والحق أن السفه في إنفاق الأوقات أشد خطراً من السفه في إنفاق الأموال ..... لأن المال إذا ضاع قد يعود ، والوقت إذا ضاع لا عوض له . (ص/٣٢٠ ، ط : دار النفائس الأردن)

(٢) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم " . (ص/٥٥٩ ، كتاب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما في " بذل المجهود " : قال القاري : من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار فهو منهم أي في الإثم أو الخير عند الله تعالى . (٥٩/١٢ ، مرقاة المفاتيح :٢٢٢/٨، كتاب اللباس والزينة)

ما في " شرح الطيبي " : قوله : " من تشبه بقوم " هذا عام في الخلق والخلق والشعار وإذا كان الشعار أظهر في التشبه . (٢٣٢/٨، رقم :٤٣٤٧)

(٥٩/١٢ ، مرقاة المفاتيح :٢٢٢/٨ ، كتاب اللباس والزينة)

ما في " فيض القدير " : (من تشبه بقوم) أي تزيا في ظاهره بزيهم وفي تعرفه بفعلهم وفي تخلقه بخلقهم وسار بسيرتهم وهديهم في ملبسهم وبعض أفعالهم . اهـ . ..... وقال بعضهم : قد يقع التشبه في أمور قلبية من الاعتقادات وإرادات وأمور خارجية ، من أقوال وأفعال قد تكون عبادات وقد تكون عادات في نحو طعام ولباس ومسكن ونكاح واجتماع وافتراق وسفر وإقامة وركوب وغيرها ، وبين الظاهر والباطن ارتباط ومناسبة وقد بعث الله المصطفى ﷺ بالحكمة التي هي سنة وهي الشرعة والمنهاج الذي شرعه له فكان مما شرعه له من الأقوال والأفعال ما يباين سبيل المغضوب عليهم والضآلّين فأمر بمخالفتهم في الهدي الظاهر في هذا الحديث ، وإن لم يظهر فيه مفسدة لأمور – منها أن المشاركة في الهدي في الظاهر تؤثر تناسبا وتشاكلا بين المتشابهين تعود إلى موافقة ما في الأخلاق والأعمال ، وهذا أمر محسوس . اهـ . ..... وقال ابن تيمية : هذا الحديث أقل أحواله أن يقتضي تحريم التشبه بأهل الكتاب وإن كان ظاهره يقتضي كفر المتشبه بهم فكما في=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= قوله تعالى : ﴿ومن يتولّهم منكم فإنه منهم﴾ وهو نظير قول ابن عمرو : من بنى بأرض المشركين وصنع نيروزهم ومهرجانهم وتشبه بهم حتى يموت حشر يوم القيامة معهم ، فقد حمل هذا على التشبه المطلق فإنه يوجب الكفر ويقتضي تحريم أبعاض ذلك ، وقد يحمل منهم في القدر المشترك الذي شابههم فيه فإن كان كفرا أو معصية أو شعارا لها كان حكمه كذلك . (٦/١٠٤ ، رقم :٨٥٩٣ ، ط : دار المعرفة بيروت لبنان)

ما في " اقتضاء الصراط المستقيم لمخالفة أصحاب الجحيم " : وإذا كانت المشابهة في القليل ذريعة ووسيلة إلى بعض هذه القبائح كانت محرمة ، فكيف إذا أفضت إلى ما هو كفر بالله ؟ ..... ان المشابهة تفضي إلى كفر أو معصية غالبا ، أو تفضي إليهما في الجملة ، وليس في هذا المفضى مصلحة ، وما أفضى إلى ذلك كان محرما ، فالمشابهة محرّمة . اهـ . (ص/٢١٥ ، ٢١٦ ، المشابهة تفضي إلى كفر أو معصية غالبا ، مطابع المجد التجارية ، و : ١/ ٢٧١ ، باب التشبه مفهومه ومقتضاه ، دار عالم الكتب بيروت)

(آپ کے مسائل اور ان کا حل :٦/٤٠٣،شادی کے بعد ذہنی مون منانے کی شرعی حیثیت،ط:جدید)

دولہے کا عورتوں میں سلام کے لیے جانا

مسئلہ (۱۴۱): بعض علاقوں میں یہ رواج ہے کہ نکاح کی تقریب ختم ہونے کے بعد دولہا اپنے دوستوں کے جھرمٹ میں شادی خانہ (لڑکی والوں کے گھر) یا مہمان خانہ (جہاں دولہے کے باراتی ٹھہرائے جاتے ہیں) جاکر، وہاں موجود تمام خواتین کو (جن میں محرمات وغیر محرمات سب ہوتی ہیں) سلام کرتا ہے، پھر اس پر پھول برسائے جاتے ہیں، یا پیسے لٹائے جاتے ہیں، بڑی بوڑھی عورتیں اس کی بلائیں لیتی ہیں، سیلفی کا دور چلتا ہے، ویڈیو اور فوٹو کھنچوائے جاتے ہیں، یہ سب فضول اور بے ہودہ رسمیں ہیں، مسلمانوں (خصوصاً مسلم نوجوانوں) کو اس سے احتراز کرنا چاہیے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أفحسبتم أنما خلقنكم عبثاً وأنكم إلينا لا ترجعون﴾ .

(سورة المؤمنون : ۱۱۵)

ما في " كنز العمال " : قال النبي ﷺ : " من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعنيه " .

(۳۵۵/۳، رقم : ۸۲۸۱، جمع الجوامع : ۳۹۳/۶، رقم : ۲۰۰۰۶)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : العبث : ارتكاب أمر غير معلوم الفائدة . وقيل : ما ليس فيه غرض صحيح لفاعله . (ص/۱۴۲)

ما في " الألعاب الرياضية " : يقول الشيخ الدكتور يوسف القرضاوي حفظه الله : والحق أن السفه في إنفاق الأوقات أشد خطرًا من السفه في إنفاق الأموال .... لأن المال إذا ضاع قد يعود ، والوقت إذا ضاع لا عوض له . (ص/۳۲۰، ط : مكتبة دار النفائس اردن)

(آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۴۰۰/۶، دُولہا کو غیر محرم عورتوں کا دیکھنا جائز نہیں، ط: جدید)

(کتاب الفتاویٰ: ۳۱۵/۴، شادی کے بعد غیر محرم عورتوں کو سلام)

دُولہے والوں سے ''معمول'' کے نام سے رقم لینا

مسئلہ (۱۴۲): بعض علاقوں میں شادی یا منگنی کے موقع پر ''معمول'' کے نام سے دولہے والوں سے رقم وصول کی جاتی ہے، مثلاً نکاح یا منگنی کے بعد لڑکی والوں کی طرف سے ایک شخص آکر کہتا ہے کہ ''معمول'' دے دو، یعنی نکاح خواں کے پیسے، محلے کے نوجوانوں کے پیسے، محلے کے بوڑھوں یا غریبوں کے پیسے، مہندی کے پیسے دے دو وغیرہ، یہ ایک ایسی رسم ہے کہ غریب لوگ جب شادی کرتے ہیں تو اس معمول کو ادا کرنے کی غرض سے قرض لیتے ہیں، اور اگر معمول نہ دیں، تو انہیں اپنے سماج ومعاشرے میں عار وشرمندگی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس سلسلے میں یہ بات یاد رکھیں کہ شادی بیاہ ومنگنی کے موقع پر دُولہا والے یا دلہن والے جو کچھ اپنی رضا ورغبت سے دے دیں، اس میں کوئی حرج نہیں (۱)، لیکن اس قسم کی چیزوں کو باقاعدہ رسم کی شکل دے کر اس کو لازم سمجھنا اور پھر اس قسم کے لین دین کو تصدق کہنا درست نہیں، اس لیے کہ تصدق تو فقراء پر کیا جاتا ہے (۲)، جب کہ اس موقع پر لینے والوں میں بہت سے امیر ہوتے ہیں، اور امیروں کو صدقہ لینا جائز نہیں ہے، لہٰذا اس قسم کے لین دین کو تصدق کہہ کر اس کا جواز پیدا کرنا جائز نہیں، بالخصوص جب اس قبیح رسم کی وجہ سے بہت سے نادار لوگوں پر قرضے کا بوجھ بھی پڑتا ہے، اس لیے اس رسم کو مزید فروغ نہیں دینا چاہیے۔

الحجة على ما قلنا :=

دُولہا دُلہن کی کار کی تزیین کا حکم

مسئلہ (۱۴۳): اس وقت مسلمانوں کی تباہی اور اقتصادی مصیبت کی زیادہ تر وجہ مسرفانہ رسومات ہیں، یہ رسومات اندر ہی اندر مسلمانوں کی دولت، عزت، خود داری کو گھن کی طرح کھائے جارہی ہیں، ان مسرفانہ رسومات میں سے ایک رسم یہ ہے کہ؛ شادی کے موقع پر دُولہا دلہن کی کار کو پھولوں سے سجایا جاتا ہے، اس پر پھولوں کے ہار ڈالے جاتے ہیں، یہ ایک غیر ثابت اور قابلِ ترک رسم ہے، اور نصاریٰ کا طریقہ ہے، اس سے بچنا ضروری ہے[۱]، کیوں کہ حدیث پاک میں آں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے غیر قوموں کی مخصوص تہذیب وثقافت اختیار کرنے سے منع فرمایا ہے۔[۲]

=(۱) ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : حماد بن سلمة ، عن علي بن زيد ، عن أبي حرة الرقاشي ، عن عمه أن رسول الله ﷺ قال : " لا يحلّ مال امرئٍ مسلم إلا بطيب نفس منه " . (۱۲۶/۶ ، رقم : ۱۱۵۴۵ ، كتاب الغصب ، مشكوة المصابيح : ص/۲۵۵، كتاب الغصب والعارية ، الفصل الثاني ، رقم :۲۹۴۶ ، سنن الدار قطني : ۲۲/۳ ، كتاب البيوع ، رقم : ۲۸۶۲ ، مسند الإمام أحمد بن حنبل : ۴۰۰/۱۵ ، رقم : ۲۰۹۸۰، جمع الجوامع : ۷/۹ ، رقم : ۲۶۷۵۹ ، شعب الإيمان للبيهقي : ۳۸۷/۴ ، رقم : ۵۴۹۲)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿انما الصدقٰت للفقراء والمسٰكين﴾ . (سورة التوبة : ۶۰) (آپ کے مسائل اور ان کا حل:۶/۳۹۹،۴۰۰، لڑکے والوں سے "معمول" کے نام کے پیسے لینے کی رسم قبیح ہے، ط:جدید)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وكلوا واشربوا ولا تسرفوا ، إنه لا يحبّ المسرفين﴾=

.....

=(سورة الأعراف : ٣١)

ما في " أحكام القرآن لإبن العربي " : الإسراف تعدي الحدّ ، فنهاهم عن تعدّي الحلال إلى الحرام ، وقيل : ألا يزيدوا على قدر الحاجة . (٢/٧٨١)

ما في " صحيح البخاري " : وعن المغيرة بن شعبة قال : قال النبي ﷺ : " إن الله حرّم عليكم عقوق الأمهات ، ووأد البنات ، ومنعاً وهات ، وكره لكم قيل وقال ، وكثرة السؤال ، وإضاعة المال " . (١/٣٢٤ ، كتاب في الاستقراض وأداء الديون والحجر ... الخ ، باب ما ينهى عن إضاعة المال)

(الآداب للبيهقي :ص/٤٠ ، رقم : ١٠٥ ، باب في كراهية إضاعة المال ، ط : بيروت)

ما في " فتح الباري " : قوله : (وإضاعة المال) وقد قال الجمهور : إن المراد به السرف في إنفاقه . (٥/٨٦)

(٢) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم " . (ص/٥٥٩ ، كتاب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما في " بذل المجهود " : قال القاري : من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار فهو منهم أي في الإثم أو الخير عند الله تعالى . (١٢/٥٩ ، مرقاة المفاتيح :٨/٢٢٢، كتاب اللباس والزينة)

ما في " شرح الطيبي " : قوله : " من تشبه بقوم " هذا عام في الخلق والخلق والشعار وإذا كان الشعار أظهر في التشبه . (٨/٢٣٢، رقم :٤٣٤٧)

(١٢/٥٩ ، مرقاة المفاتيح :٨/٢٢٢ ، كتاب اللباس والزينة)

